بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

سيدنا الجواد ﷺ

ہمارے سردار — سخی — درود و سلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā AL-JAWWĀDU ﷺ
(Our Leader, the Most Generous ﷺ)

عن ابن عباس رضي الله عنهما
قال كان النبي ﷺ
اجود الناس بالخير وكان
اجود ما يكون في
رمضان حين يلقاه
جبرئيل وكان جبرئيل
يلقاه كل ليلة
في رمضان حتى ينسلخ
يعرض عليه النبي
ﷺ القرآن فإذا
لقيه جبرئيل كان
اجود بالخير من الريح

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ
تمام لوگوں سے بھلائی میں زیادہ سخی
تھے اور بہت سخی آپ رمضان المبارک
میں ہوتے تھے، جب آپ سے حضرت
جبرئیل علیہ السلام ملاقات کرتے اور حضرت
جبرئیل آپ سے رمضان کی ہر رات
ملاقات کرتے یہاں تک رمضان ختم
ہو جاتا۔ آپ اس پر قرآن کریم تلاوت
فرماتے۔ جب آپ کو حضرت جبرئیل
علیہ السلام ملتے تو پھر آپ بھلائی میں
تیز آندھی سے بھی زیادہ سخی ہو جاتا

ربنا تقبل منا إنك أنت السميع العليم
آمين آمين آمين يا رب العالمين

المرسلة ۔ (صحیح البخاری ج ۱ ص ۲۵۵) ... کرتے تھے۔

Hadrat Ibn 'Abbās رضي الله عنه narrated "The Holy Prophet ﷺ was the most generous among people, and he was even more so during the Month of *Ramadān al-Mubārak*, when the Archangel Gabriel عليه السلام visited him. They would meet every night during *Ramadān* untill the end of the month. The Holy Prophet ﷺ would recite the *Holy Qur'ān* to him. And when the Archangel Gabriel عليه السلام met him, the Almighty Allāh's Prophet ﷺ would become even more generous than the fast blowing wind (which helps with rainfall, and hence human welfare)."

-(Sahīh Al-Bukhāri V1, P255)

بسم الله الرحمن الرحيم ● ما شاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سيدنا الجواد ﷺ

ہمارے سردار بزرگ سخاوت کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-JAWĀDU ﷺ
(Our Leader, the Generous ﷺ)

بالتخفيف الكريم السخى الطائع الملى صفة مشبهة من الجود وهو سعة الكرم او الطاعة۔

(سبل الهدى ج ۱ ص ۵۴۷)

بزرگ مالدار، مطیع، سخاوت کرنے والے، جود سے صفت مشبہ کا صیغہ ہے اور وہ بزرگی میں فراخی یا تابعداری میں فراخی کے معنوں میں مستعمل ہے۔

Al-Jawād is the one who is generous, wealthy and benevolent; who is both great in giving charities and is obedient. It is an adjective related to the abstract noun *Jūd*. It means "grandeur attributed to generosity, thus inspiring obedience".

-(*Subul Al-Hudā V1, P547*)

وهو من الجودة اى احسن جوداً او ابلغه او من الجود الكرم۔

اور وہ جودت (کھرا سونا) سے ہے کہ خوبصورتی میں حسین تر یا بلیغ تر یا اُس جُود سے ہے جس کے معنی

(مجمع البحار ج ۱ ص ۲۱۸) — بزرگی کے ہیں۔

The word *Jawād* is derived from *Al-Jūdah,* which means "pure gold" or "excellence". It, therefore, means "most beautiful, most eloquent, or most distinguished in generosity and nobility".
-*(Majma' Al-Bihār V1, P218)*

جُود بالضم جوانمردی کردن — جُود ج کی ضم کے ساتھ
(صراح ج ۲ ص ۲۲۰) — یعنی بہادری دکھانا۔

The word *Jūd* with short vowel *ḍamma* (*u*) on the letter *Jīm* means "chivalrous".
-*(Ṣurāḥ V2, P220)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك استغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سیدنا الجهضم ﷺ

ہمارے سردار — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-JAHḌAMU ﷺ
(Our Leader, the Man of Dignity ﷺ)

العظيم الهامة المستدير
الوجه الرحب الجبين واسع
الصدر۔ (شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ۳ ص ۱۲۵)

بڑے سر والے گول چہرہ والے اور
فراخ پیشانی اور چوڑے سینہ والے۔

He ﷺ was of a broad head, an oval rounded face, a wide forehead, and a large chest.
-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al-Zarqāni V3, P125)

وهذه الأوصاف
مجتمعة فيه ﷺ
(سبل الهدى ج ۱ ص ۵۴۷)

اور یہ مذکورہ بالا صفات تمام کی
تمام حضور اقدس ﷺ میں جمع
تھیں۔

All the above-mentioned qualities were found in him ﷺ.
-(Subul Al-Hudā V1, P547)

جهضم ، ذ سكرف و

بڑا آدمی، بڑے سر والے، گول چہرہ

بزرگ سرگرد روے ۔ والے ۔

(صُراح ج ۲ ص ۲۸۲)

Jahḍam is a man of dignity with a broad head and oval face.
-*(Ṣurāḥ V2, P282)*

سیدنا الحاتم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار تمام انبیاء سے حسین درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-ḤĀTIMU ﷺ
(Our Leader, Who Decrees; the Most Handsome ﷺ)

هو من اسماء في الكتب السالفة حكاه كعب الاحبار قال ثعلب معناه احسن الانبياء خَلقاً و خُلقاً.

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ٣، ص ١٢٦)

یہ اسم گرامی پہلی کتابوں میں پایا جاتا ہے جیسے کعب احبار سے منقول ہے۔ ثعلب لغوی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ اس کے معنی تمام انبیاء کرام علیہم السلام سے خوبصورت خوش اخلاق اور خوش خصال کے ہیں۔

This name has been found in old sacred books, as *Ka'b Al-Aḥbār* has reported: "Tha'lab رحمۃ اللہ علیہ the etymologist interpreted it as meaning 'the best of all the Prophets in character and the most handsome among creation'."

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al-Zarqānī V3, P126)

و الحاتم القاضی ۔

(القاموس ج۲۔ ص ۹۳)

اور حاتم جج کو کہتے ہیں۔

The word *Al-Ḥātim* is also used to mean "a judge" (because he decrees rulings).

-(Al-Qāmūs V2, P93)

حتم استوار کردن کار و
حکم کردن و واجب کردن کار
برکسے ۔ (صراح ج ۲ ص ۲۸۳)

حتم کسی کام کو درست طریقے سے
سنوارنا اور حکم کرنا اور کسی کا کسی پر
حکم واجب کرنا۔

The word *Ḥatm* means "to complete and perfect a task; to decree a ruling and make something incumbent on someone".

-(Ṣurāḥ V2, P283)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

سیدنا الحاجّ ﷺ

ہمارے سردار — حج کرنے والے — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-ḤĀJJU ﷺ
(Our Leader, the Pilgrim ﷺ)

عن جابر رضي الله عنه قال ان رسول الله ﷺ مكث تسع سنين لم يحج ثم اذن في الناس في العاشرة ان رسول الله ﷺ حاج فقدم المدينة بشر كثير كلهم يلتمس ان ياتم برسول الله ﷺ و يعمل مثل عمله - (الصحيح لمسلم ج۱، ص۳۹۴)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نو سال ٹھہرے رہے۔ آپ نے حج نہیں کیا۔ پھر دسویں سال لوگوں میں یہ اعلان فرمایا کہ حضور اقدس ﷺ حج کرنے والے ہیں۔ اس پر مدینہ منورہ میں بے شمار لوگ آئے۔ سب کے سب اس چیز کے متلاشی تھے کہ جناب رسول اللہ ﷺ کی اقتدا میں حج کریں اور ویسے عمل کریں، جیسے آپ عمل کرتے ہیں۔

Ḥaḍrat Jābir رضی اللہ عنہ narrated: "The Messenger of Allāh

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمين آمين يا رب العالمين

the Almighty ﷺ stayed in Medina *Al-Munawwara* for nine years but did not perform the *Ḥajj*. Then he made a public announcement in the tenth year that he (ﷺ) intended to perform the *Ḥajj*. At this a large number of persons came to Medina *Al-Munawwara* who were, one and all, anxious to perform the *Ḥajj* in the guidance of the Messenger of Allāh the Almighty ﷺ, and to follow the rituals in accordance with his compliances."

-(Ṣaḥīḥ Muslim V1, P394)

عن عائشة رضي الله عنها
انها قالت خرجنا مع
رسول الله ﷺ عام
حجة الوداع فمنا من
اهلّ بعمرة ومنا من
اهلّ بحج وعمرة ومنّا
من اهلّ بالحج واهلّ
رسول الله ﷺ
بالحج۔ (صحیح البخاری ج۱ ص۲۱۲)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا
سے روایت ہے۔ فرماتی ہیں کہ ہم
حضور اقدس ﷺ کے ہمراہ
حجۃ الوداع کے سال نکلے ہم
میں سے بعض ایسے تھے جنہوں نے
عمرہ کا احرام باندھا اور بعض ایسے تھے
جنہوں نے حج اور عمرہ کا اکٹھا احرام
باندھا اور بعض ایسے تھے جنہوں نے
حج کا احرام باندھا اور حضور اقدس
ﷺ نے صرف حج کا احرام باندھا

Ḥadrat 'Ā'isha Ṣiddīqa رضي الله عنها narrated: "We set out with the Almighty Allāh's Messenger ﷺ to Makkah in the year of the Prophet's Farewell *Ḥajj*. Some of us were dressed in *Iḥrām* for *'Umra*, some in both for *'Umra* and *Ḥajj*, and still others for *Ḥajj* only. The Almighty Allāh's Messenger ﷺ was dressed in *Iḥrām* for *Ḥajj* only."

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V1, P212)

عن زيد بن ارقم

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ

رضی اللہ عنہ ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم غزا تسع عشرة غزوة وانه حج بعد ماهاجر حجة واحدة لم يحج بعدها حجة الوداع ۔ (صحیح البخاری ج ۲، ص ۶۳۲)

سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے انیس غزوے کیے ہیں اور آپ نے ہجرت کے بعد ایک ہی حج کیا اس کے بعد کوئی حج نہیں کیا، وہی حجۃ الوداع ہے۔

Ḥaḍrat Zaid bin Arqam رضی اللہ عنہ narrated: "The Holy Prophet صلی اللہ علیہ وسلم fought in nineteen *Ghazawāt* (military expeditions) and performed only one *Ḥajj* after his emigration to Medina, and did not perform any other *Ḥajj* afterwards, hence there was the *Ḥijjat-ul-Wadā'*."
-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P632)

ثم حج رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم بالناس سنة عشر من مهاجره وهي التي يسمى الناس حجة الوداع وكان المسلمون يسمونها حجة الإسلام ۔ (الطبقات ابن سعد ج ۲ ص ۱۷۲)

پھر آپ نے ہجرت کے دسویں سال لوگوں کے ساتھ حج کیا اور یہ وہی حج تھا جس کو لوگ حجۃ الوداع کہتے ہیں اور عہدِ صحابہؓ کے مسلمان اس کا نام حجۃ الاسلام بولتے تھے۔

And then he performed the *Ḥajj* in the tenth year of *Hijrah*, the same *Ḥajj* which has been called the 'The Farewell *Ḥajj*'. The Muslims of the time used to call it *Ḥijjat-ul-Islām* (i.e. The Pilgrimage on completion of the message of Islam).
-(Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P172)

سیدنا الحاشر صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-ḤĀSHIRU ﷺ
(Our Leader the Gatherer ﷺ)

عن ابی موسی الاشعری رضی اللہ عنہ قال کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یسمی لنا نفسہ اسماء فقال انا محمد واحمد و المقفی و الحاشر و نبی التوبۃ ونبی الرحمۃ۔

(الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۲۶۱)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے لیے اپنے نام بیان فرماتے تھے۔ آپ فرماتے تھے کہ میں محمد ہوں، احمد ہوں، مقفی ہوں اور حاشر ہوں۔ میں نبی التوبہ ہوں اور میں نبی الرحمۃ ہوں۔

Ḥadrat Abu Musa al-Ash'ari رضی اللہ عنہ has reported that the Almighty Allah's Messenger ﷺ mentioned many of his names thus: "I am *Muḥammad*; I am *Aḥmad*; I am *Muqaffā* (the last in succession); I am *Ḥashir* (the Gatherer); I am the Prophet of Repentance; and I am also the Prophet of Mercy."

-(Ṣaḥīḥ Muslim V2, P261)

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
امین امین یا رب العالمین

سیدنا بدرٌ ﷺ

ہمارے سردار چودھویں رات کے چاند درود و سلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā BADRUN ﷺ
(Our Leader, the Full Moon ﷺ)

انه قيل في تفسير قوله تعالى: "وَلَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ": ان المراد به محمد ﷺ و انه من اسمائه واليه الاشارة بقوله تعالى: "طٰهٰ ۚ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى" وذلك لطه من العدد اربعة عشر وهو كمال البدر

(رحلة الشتاء والصيف لمحمد بن عبدالله الحسيني الموسوي ص ١٢١)

"لَقَدْ نَصَرَكُمُ اللّٰهُ بِبَدْرٍ" (آل عمران ۱۲۳) بیشک اللہ تعالیٰ نے تمہاری بدر کے ساتھ امداد فرمائی۔ اس آیت کی تفسیر میں کہا گیا ہے کہ بدر سے مراد حضور اقدس ﷺ ہیں اور بدر آپ کا اسم گرامی ہے اور اللہ کے فرمان طٰهٰ ۚ مَآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓى۔ میں بھی اشارہ ہے۔ کیونکہ طٰہٰ کے عدد بلحاظ ابجد کے چودہ ہیں۔ اور بدر کے بھی چودہ ہیں۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ● ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

سیدنا حاط حاط صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — معزز اور بزرگ ہستی — درود وسلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā ḤĀṬ-ḤĀṬ صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, the Grand Personality صلی اللہ علیہ وسلم)

قال العزفی رحمۃ اللہ علیہ هو اسمه فی الزبور۔

(شرح المواهب اللدنیۃ للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۷)

امام عزفی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ یہ اسم زبور میں موجود ہے۔

Ḥadrat Al-'Azafi رحمۃ اللہ علیہ has said that this is his صلی اللہ علیہ وسلم name as found in the Psalms of David علیہ السلام.
-*(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al- Zarqānī V3, P127)*

وقد جاء فی القران الکریم احتجاج الله تعالیٰ علی اهل الکتاب فقال الذین اٰتینا هم الکتاب یعرفونه ای محمدا صلی اللہ علیہ وسلم

اور قرآن میں اللہ تعالیٰ کا اہل کتاب کے جواب میں فرمایا کہ جن لوگوں کو ہم نے کتاب دی ہے وہ اس پیغمبر یعنی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسے پہچانتے ہیں جیسے اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں اور

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
اٰمین اٰمین یا رب العلمین

كما يعرفون ابناء هم و
إنّ فريقاً منهم ليكتمون
الحق وهم يعلمون
وقال فلما. جاءهم ماعرفوا
كفروا به اى غير ذلك
من الآيات الدالة
صداقة على ان
كتبهم كان فيها هذه
النصوص الدالة ان
محمداً صلی اللہ علیہ وسلم هوالذى
اخذ العهد به على
بنى إسرائيل ان يؤمنوا
به وينصروه وانه الذى
بشر به عيسى بن مريم
سلام اللہ علیہما كانوا يعرفون ذلك
تمام المعرفة كما اعترف
به كثير من احبارهم و
رهبانهم من أمن منهم وهداه
الله للإسلام۔

(حاشیہ اغاثة اللهفان ج۲ ص۳۵۲)

ان میں ایک جماعت ایسی بھی ہے جو
جان بوجھ کر سچ کو چھپاتی ہے اور فرمایا
جب آپؐ انکے پاس آئے انہوں
نے آپؐ کو جانتے ہوئے ماننے سے انکار
کر دیا۔ ان کے علاوہ اور بیشمار آیتیں
آئی ہیں جن میں دلیل ہے کہ قرآن کریم
اس بارے میں سچ بتاتا ہے کہ حضرت
موسیٰ علیہ السلام نے بنی اسرائیل سے
پکا عہد لیا تھا کہ وہ آپ سرورِ کائنات
صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لے آئیں اور
ان کا ساتھ دیں اور حضرت عیسےٰ
علیہ السلام نے تو آپؐ کی بابت صریح
پیشین گوئی فرمائی تھی جس کو وہ اچھی
طرح جانتے پہچانتے تھے، جیساکہ
اعتراف کیاہے (یہود کے) ان بہت سے
علماء اور درویشوں نے جو اُن میں
سے ایمان لے آئے اور اللہ نے انہیں
اسلام کی ہدایت سے نوازا۔

In the Holy Qur'ān, Allāh the Almighty has chastised the People of the Book in the following words: 'Those

to whom We have revealed the Book know him' (2:146), i.e. Prophet Muhammad ﷺ, 'just as they know their own sons; but some of them conceal the truth which they themselves know' (2:146) '. . When there comes to them that which they (should) have recognized, they deny it ....' (2:89).

There are many other such Verses justifying the truth in the scriptures of the People of the Book, which indicate that it was Muhammad ﷺ with whom the Israelites made a Covenant that they would believe in him (when he comes) and be his helpers. It was Muhammad ﷺ who was prophesied by Jesus عليه السلام. Religious scholars and Rabbis from among the People of the Book knew this perfectly well. Those among them who believed and were guided by Allah the Almighty to Islam indeed confessed to this truth.

-*(Notes on the Margin of Ighathat Al-Luhfān V2, P352)*

وكون اسمه مذكورا
جيلا بعد جيل و مدح
الشعوب له الى دهر الداهرين
وهذه الاوصاف لم تجتمع
على اكمل وجه فى نبى غير
محمد ﷺ كما لا يخفى
على كل ذى عقل وانصاف
الجواب الفسيح للعلامة الالوسى البغدادى ص٩٢

اور آپ کا اسم گرامی مدت مدید سے
اگلی کتابوں میں مذکور چلا آتا ہے اور قیامت
تک قومیں آپ کی مدح سرائی میں مشغول
رہیں گی اور یہ مذکورہ بالا صفات دنیا
میں کسی ہستی میں سوائے حضور اقدس
ﷺ کے نہیں پائے گئے اور یہ
بات کسی صاحب عقل و انصاف
سے پوشیدہ نہیں ہے۔

This name *Haṭ* was mentioned in the old scriptures for generations, and nations will continue to sing his praises until the Last Day, because these qualities, in all their perfection and excellence, are not to be found to such a degree in any Prophet other than Muhammad ﷺ. This is latently clear to any person of wisdom and sound judgement.

-*(Al-Jawab Al-Fasīḥ by 'Allāma Al-Alūsī Al Baghdādī P92)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

سيدنا الحافظ صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار حافظ درود وسلام بھیجے اللہ آپ

Sayyidunā AL-ḤĀFIẒU صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, the Custodian صلى الله عليه وسلم**)**

سمي به لانه الحافظ للوحي و الامة .

(شرح مواهب اللدنية للزرقاني ج ٣ ص ١٢٦)

یہ نام اس لیے رکھا گیا ہے کہ آپ حافظ وحی ہیں اور اپنی امت کی حفاظت فرمائیں گے

The Almighty Allāh's Apostle صلى الله عليه وسلم is called "the custodian" as he is the safeguard of the Divine Revelation and the *Ummah.*

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al- Zarqāni V3, P126)

قال الغزالي رحمه الله تعالى و الحافظ من العباد من يحفظ جوارحه و قلبه و يحفظ دينه عن سطوة الغضب وصلابة الشهوة وخداع النفس و غرور

امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حافظ انسانوں میں اس کو کہتے ہیں جو اپنے اعضاء اور دل کی حفاظت کرے اور اپنے دین کی شیطانی غلبے سے حفاظت کرے اور شہوت کی سختی اور نفس کے دھوکہ اور شیطان کی

الشيطان وهو اسم فاعل من الحفظ .

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۴۹)

چال سے بچائے اور وہ حفظ سے اسم فاعل کا صیغہ ہے۔

Ḥaḍrat Al-Ghazzāli رحمۃ اللہ علیہ states that a *Ḥāfiẓ* is "a person who guards his body and soul, protects his faith from the assault of enraged impulses, relentless temptations, deception of the self (*Nafs*) and the delusions of the devil".

Ḥāfiẓ is the active participle derived from the word *Ḥifẓ* (protection).

-(Subul Al-Hudā V1, P549)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا حبيبك محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سیدنا الحاکم ﷺ

ہمارے سردار صحیح صحیح فیصلہ کرنے والے درود و سلام بھیجئے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-ḤĀKIMU ﷺ
(Our Leader, the True Judge ﷺ)

إشارة إلى قوله:

"إِنَّآ أَنزَلْنَآ إِلَيْكَ ٱلْكِتَٰبَ بِٱلْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ ٱلنَّاسِ بِمَآ أَرَىٰكَ ٱللَّهُ ۚ"

(سورة النساء [illegible] ١٠٥)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

"بے شک ہم نے آپ کی طرف سچی کتاب اتاری تاکہ آپ لوگوں کے درمیان اس کے موافق فیصلہ کر سکیں جو کہ اللہ نے آپ کو بتلا دیا ہے"

Reference to the *Holy Qur'ān:*

We have sent down
To thee the Book in truth,
That thou mightest judge
Between people by that which
God has shown thee; ....
-(An-Nisā' 4:105)

"وَ إِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ

" اور اگر آپ ان کے درمیان

بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ
يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ ۝
(سورة المائدة ۴۲)

فیصلہ کریں تو انصاف کے ساتھ فیصلہ
کریں بیشک اللہ تعالیٰ انصاف کرنے
والوں سے محبت کرتے ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān:*

If thou judge, judge
In equity between them.
For God loveth those
Who judge in equity.
-(Al-Ma'ida 5:42)

" فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ " (سورة المائدة ۴۸)

" ان کے درمیان اس چیز سے
فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ نے اتاری ہے"

Reference to the *Holy Qur'an:*

.... So judge
Between them by what
God hath revealed ....
-(Al-Mā'ida 5:48)

" وَ اَنِ احْكُمْ بَيْنَهُمْ
بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ وَلَا تَتَّبِعْ
اَهْوَآءَهُمْ۔" (سورة المائدة ۴۹)

" اور یہ کہ آپ ان کے درمیان اس
چیز سے فیصلہ کریں جو اللہ تعالیٰ نے
اتاری اور ان کی خواہشات کی پیروی نہ کریں"

Reference to the *Holy Qur'ān:*

And this (He commands):
Judge thou between them
By what God has revealed,
And follow not their vain
Desires, ...
-(Al-Mā'ida 5:49)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

بعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سَيِّدُنَا الْحَامِدُ صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار اللہ تعالیٰ کی تعریف کرنیوالے درود و سلام بھیجے اللہ آپؐ پر

Sayyidunā AL-ḤĀMIDU ﷺ
(Our Leader the Praiser of Allāh the Almighty ﷺ)

إشارة إلى قوله :

" اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحَامِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَ الْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ؕ وَ بَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝ "

(سورة التوبة ١١٢)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف :

" وہ ایسے ہیں جو توبہ کرنے والے ہیں عبادت کرنے والے ہیں، تعریف کرنے والے ہیں، روزہ رکھنے والے ہیں رکوع اور سجدہ کرنے والے ہیں نیک باتوں کا حکم کرنے والے اور بُری باتوں سے منع کرنے والے ہیں اور اللہ کی حدود کا خیال رکھنے والے ہیں اور ایسے مومنین کو آپؐ خوشخبری سنا دیجئے۔ "

Reference to the *Holy Qur'ān:*

Those that turn (to God)

In repentance; that serve Him,
And praise Him; that wander
In devotion to Cause of God;
That bow down and prostrate themselves
In prayer; that enjoin good
And forbid evil; and observe
The limits set by God, -
(These do rejoice). So proclaim
The glad tidings to the Believers.
-(At-Tawbah 9:112)

عن انس رضی اللہ عنہ
قال صلی اللہ علیہ وسلم فیقول
عیسیٰ علیہ السلام لست هناکم
ولکن ائتوا محمدًا عبدًا
غفر الله له ما تقدم
من ذنبه وما تاخر
فیاتونی فانطلق
فاستأذن علی ربی
ویؤذن لی علیه
فاذا رایت ربی وقعت
له ساجدا فیدعنی
ماشاء الله ان یدعنی
ثم یقال ارفع
محمّد صلی اللہ علیہ وسلم وقل
یُسْمَع وسل تعطه
واشفع تشفع فاحمد

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت
ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے
فرمایا (حشر کے میدان میں) حضرت عیسےٰ
علیہ السلام کہیں گے کہ میں اس جگہ
نہیں جاسکتا لیکن تم حضرت محمد مصطفےٰ
صلی اللہ علیہ وسلم جو اللہ کے بندے ہیں جن
کے اگلے پچھلے گناہ اللہ نے معاف کر
دیے ہیں کے پاس جاؤ۔ فرمایا وہ میرے
پاس آئیں گے اور میں اپنے رب سے
اجازت طلب کروں گا اور مجھے اجازت
دی جائے گی جب میں اپنے رب کو
دیکھوں گا تو میں اس کے لیے سجدے
میں گرجاؤں گا پھر اللہ مجھے جتنی
مدت چاہے گا وہاں چھوڑے گا پھر
کہا جائے گا محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم!
سر اٹھایئے اور کہیے تمہاری بات سنی

ربی بمحامد علمنیها
ربی ثم اشفع
فیحد لی حدا فادخلهم
الجنة ثم ارجع
فاذا رایت ربی وقعت
له ساجدا فیدعنی
ماشاء الله ان
یدعنی ثم یقال
ارفع محمد (ﷺ)
وقل تسمع وسل
تعطه واشفع تشفع
فاحمد ربی بمحامد
علّمنیها ربی ثم
اشفع فیحد لی
حدا فادخلهم الجنة
ثم ارجع فاذا رائت
ربی وقعت له ساجدا
فیدعنی ماشاء الله
ان یدعنی ثم
یقال ارفع محمد
(صلی الله علیه وسلم) وقل
تسمع واشفع تشفع

جائے گی اور مانگیے آپؐ کو ملے گا اور
شفاعت کیجیے آپؐ کی شفاعت
منظور ہوگی۔ پھر میں اپنے رب کی وہ
تعریفیں کروں گا جو میرا رب مجھے
سکھائے گا۔ پھر میں سفارش کروں گا
میرے لیے ایک حد مقرر ہوگی میں ان کو
جنت میں داخل کرونگا، پھر میں واپس آؤنگا
جب اپنے رب کو دیکھوں گا تو میں اس
کیلئے سجدے میں گر جاؤنگا۔ پھر اللہ تعالیٰ مجھے
چھوڑے گا جتنی مدت چاہے گا پھر کہا جائیگا
محمد مصطفیٰ (ﷺ) ! سر اٹھایئے
اور کہیے آپؐ کی بات سنی جائے گی،
مانگیے آپؐ کو دیا جائے گا اور شفاعت
کیجیے آپؐ کی شفاعت منظور ہوگی
پھر میں اپنے رب کی وہ تعریفیں کرونگا
جو وہ مجھے سکھائے گا۔ پھر میں سفارش
کرونگا، میرے لیے حد مقرر ہو جائیگی۔ پھر میں
انکو جنت میں داخل کرونگا پھر واپس ہونگا
پھر میں جب اپنے رب کو دیکھوں گا
تو میں اس کیلئے سجدے میں گر جاؤں گا
جب تک وہ چاہے گا، پھر کہا جائے گا:
محمد مصطفیٰ ! سر اٹھایئے اور کہیے،

وسل تعطه فاحمد ربي بمحامد علمنيها ربي ثم اشفع فيحد لي حدًا فادخلهم الجنة ۔	آپ کی بات سنی جائیگی اور سفارش کیجئے منظور ہو گی، مانگیے آپ کو ملے گا۔ پس میں اپنے رب کی وہ تعریفیں کروں گا جو میرا رب مجھے سکھائے گا پھر میں سفارش کروں گا میرے لیے حد مقرر ہوجائیگی پھر میں ان کو جنت میں داخل کروں گا۔
(صحیح البخاری ج ۲ - ص ۱۱۲)	

Ḥadrat Anas رضی اللہ عنہ has narrated the Prophet Muhammad ﷺ as saying: "Allāh the Almighty will gather the Believers on the Day of Resurrection. They will request Hadrat Jesus علیہ السلام to intercede. He will say to them: 'I cannot undertake it. You should, rather, go to Prophet Muhammad ﷺ, who is the (beloved) servant of Allāh the Almighty and whose sins of the past and the future have been forgiven by Allāh the Almighty.'" (See 48:2 & *Tafsir*)

The Holy Prophet ﷺ added: "So, they will come to me and I will ask the permission of my Lord, and I will be given the permission (to intercede). When I see my Lord, I will fall down in prostration before Him and He will leave me in prostration for as long as He wills, and then it will be said to me: 'O Muhammad (*Al-Mustafa*) ﷺ! Raise your head and speak, you will be listened to; and ask, you will be granted your request; and intercede, your intercession will be accepted.'

"I will then raise my head and praise my Lord with certain praises which He would have taught me beforehand, and then I will intercede. Allah the Almighty will set limits to my intercession, and I will admit them into Paradise accordingly. I will come back again, and when I see my Lord, I will fall down in prostration, and He will leave me in prostration for as long as He wills, and then He will say: 'O Muḥammad (*Al-Musṭafa*) ﷺ! Raise your head and speak, you will be

listened to; ask, you will be granted your request; and intercede, your intercession will be accepted.'

"I will then praise my Lord with certain praises which He would have taught me before-hand, and then I will intercede. Allah the Almighty will set limits, allow me my intercession, and I will admit them into Paradise. I will come back when I see my Lord, I will fall down in prostration, and He will leave me in prostration for as long as He wills, and then He will say: 'O Muhammad *(Al-Muṣṭafā)* ﷺ! Raise your head and speak, you will be listened to; ask, you will be granted your request; and intercede, your intercession will be accepted.'

"I will then praise my Lord with certain praises which He would have taught me before-hand, and then I will intercede. Allāh the Almighty will set limits, allow me my intercession and I will admit them into Paradise."

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P1102)

فهذا الوصف ظاهر فی نبینا محمد ﷺ فانه و امته الحمادون الذین یحمدون الله علی کل حال۔

(الجواب الفسیح للعلامۃ الآلوسی البغدادی ص۸۵)

اور یہ وصف ہمارے نبی حضور اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ میں بالکل نمایاں ہے کیونکہ آپ اور آپ کی اُمت ہی وہ ہستیاں ہیں جو ہر حالت میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کرتے ہیں۔

This attribute (the Praiser) is clearly manifest in our leader Prophet Muḥammad ﷺ, because he and his *Ummah* truly praise Allāh the Almighty in sincere devotion, praising Him in every state.

-(Al-Jawāb Al-Fasīḥ by 'Allama Al-Alūsī Al-Baghdādī P85)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سیدنا حامل الکل صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار لوگوں کا بوجھ اٹھانے والے درود وسلام بھیجیں اللہ آپ پر

Sayyidunā ḤĀMIL-UL-KALLI صلی اللہ علیہ وسلم

(Our Leader,
Bearer of the Burdens of the Weak
صلی اللہ علیہ وسلم)

عن عائشة رضي الله عنها
فقالت خديجة رضي الله عنها
كلا و الله ما يخزيك
الله ابدا إنك
لتصل الرحم و
تصدق الحديث و
تحمل الكل و تكسب
المعدوم و تقري
الضيف و تعين
على نوائب الحق.

اُمّ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ
رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب
حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم غارِ حرا سے
اتر کر گھر تشریف لائے تو اُمّ المومنین
حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا نے آپ
کو تسلی دی اور عرض کی کہ ایسی بات
نہیں، اللہ کی قسم اللہ تعالیٰ آپ کو
کبھی ذلیل و خوار نہیں کرے گا کیونکہ آپ
تو رشتہ داری کو قائم رکھتے ہوئے ہیں اور
آپ سچی بات کرتے ہیں اور لوگوں کے

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

الحدیث:
(صحیح البخاری ج۱۔ص۲،۳
وصحیح البخاری ج۲۔ص۷۳۹،۴۰)

بوجھ اٹھاتے ہیں اور ناکارہ لوگوں کے
کام آتے ہیں اور آپ مہمان نواز
ہیں اور جتنے سچائی کے معاملات ہیں
ان میں آپ بھرپور اعانت فرماتے ہیں۔

Ḥaḍrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا, the mother of the Faithful narrated: "When the Almighty Allah's Prophet ﷺ returned home from the Cave of Hira with inspiration to (see) his family, his wife Ḥaḍrat Khadīja bint Khuwailid رضی اللہ عنہا said: 'Allāh the Almighty will never disgrace you. You keep good relations with your kith and kin. You are true to your words and bear the burdens of the weak. You help the poor and the destitute. You receive your guests hospitably, and you assist the calamity-afflicted, the deserving ones.'"

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P2,3 and V2, P739&40)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه

سيدنا حامل لواء الحمد ﷺ

ہمارے سردار — حمد کا جھنڈا اٹھانے والے — درود و سلام بھیجیں ان پر

Sayyidunā
ḤĀMIL-LIWĀ' AL-ḤAMD ﷺ
(Our Leader the Holder of the Banner of (the Almighty Allāh's) Praise ﷺ)

عن ابی سعید رضی اللہ عنہ
قال قال رسول اللہ ﷺ
انا سید ولد آدم یوم القیمة ولا
فخر بیدی لواء الحمد ولا فخر وما
من نبی یومئذ آدم فمن سواہ الا
تحت لوائی وانا اول من تنشق
عنه الارض ولا فخر وفی الحدیث
قصة وهذا حدیث حسن۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۲۰۱/۲۰۲)

حضرت ابو سعید رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے
فرمایا میں قیامت کے دن اولاد آدم کا سردار
ہوں گا اور کوئی فخر نہیں اور میرے ہاتھ
میں حمد کا جھنڈا ہوگا اور کوئی فخر نہیں اور تمام
بنی آدم اور انکے سوا تمام اس دن میرے
جھنڈے کے نیچے ہونگے اور میں سب سے پہلا
ہوں گا جس سے زمین شق ہوگی، کوئی فخر نہیں
اس حدیث میں ایک قصہ ہے یہ حدیث حسن ہے

Hadrat Abu Sa'id رضی اللہ عنہ has narrated the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "I will be the leader

of all mankind on the Day of Judgement, but I am not proud. I shall hold the banner of praise (of God) in my hand, and I am not proud. The whole of mankind and all the Prophets (peace be upon them all) will assemble under my banner; I will be the first for whom the (grave) will break open and I am not proud."

In this *Ḥadīth* there is a long narrative, and it is a sound *Ḥadīth*.

-(Jāmi' al-Tirmidhi V2, P201-202)

عن ابن عباس رضی الله عنهما
قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم
وانا حامل لواء الحمد یوم
القیامة تحته ادم فمن دونه
ولا فخر (الحدیث) (سنن الدارمی ج۱ ص۲۶)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت
ہے کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
اور میں قیامت کے دن تعریف کے جھنڈے کو
اٹھاؤں گا۔ آدمؑ سے لے کر تمام لوگ اس جھنڈے
کے نیچے کھڑے ہونگے اور میں فخر نہیں کر رہا۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہ has reported the Messenger of Allah the Almighty صلی اللہ علیہ وسلم as saying: "I shall hold the banner of praise on the Day of Resurrection and all people from Prophet Ādam علیہ السلام onwards shall assemble under it, but I am not proud."

-(Sunan Al-Dārimi V1, P26)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

سيدنا حامل الوحي ﷺ

ہمارے سردار وحی کو اٹھانے والے درود وسلام بھیجئے اُن پر

Sayyidunā HĀMIL-UL-WAHY ﷺ
(Our Leader the Bearer of Revelation ﷺ)

إشارة إلى قوله:

" فَإِنْ تَوَلَّوْا فَإِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ "

(سورة النور ٥٤)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

" پھر اگر رُوگردانی کروگے تو سمجھ رکھو کہ رسُول کے ذمہ وہی ہے جس کا اِس پر بار رکھا گیا ہے اور تمہارے ذمہ وہ ہے جو تم پر بار رکھا گیا ہے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān:*

Say: "Obey Allah, and obey
The Apostle, but if ye turn
Away, he is only responsible
For the duty placed on him
And ye for that placed
On you. ...."
-(An-Nūr 24:54)

ربنا تقبل منا إنك أنت السميع العليم
آمين آمين يا رب العالمين

عن عائشة ام المؤمنين رضي الله عنها أن الحارث بن هشام (رضي الله عنه) سأل رسول الله صلى الله عليه وسلم فقال يا رسول الله (صلى الله عليه وسلم) كيف يأتيك الوحي فقال رسول الله صلى الله عليه وسلم احيانا يأتيني مثل صلصلة الجرس وهو اشده على فيفصم عني وقد وعيتُ عنه ما قال واحيانا يتمثل لي الملك رجلا فيكلمني فاعي ما يقول قالت عائشة رضي الله عنها و لقد رأيتهُ ينزل عليه الوحي في اليوم الشديد البرد فيفصم عنه و انّ جبينهُ ليتفصد عرقًا۔

(صحيح البخاری ج ۱ ص ۲)

اُمُ المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت حارث بن ہشام رضی اللہ عنہ نے جنابِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ اے اللہ کے رسُول (صلی اللہ علیہ وسلم)! آپؐ پر وحی کس طرح آتی ہے تو جنابِ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کبھی تو میرے پاس مثل گھنٹی کے آواز آتی ہے اور تمام وحیوں میں یہ (قسم وحی کی) مجھ پر زیادہ دشوار ہے۔ پھر (یہ حالت دُور ہو جاتی ہے) اِس حال میں (فرشتے نے) جو کچھ کہا میں اس کو اخذ کر چکا ہوں اور کبھی فرشتہ میرے آگے آدمی کی صُورت بن (کر آ) جاتا ہے اور مجھ سے کلام کرتا ہے تو جو وہ کہتا ہے اس کو میں حفظ کر لیتا ہوں۔ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ بے شک میں نے سخت سردی کے دِن آپؐ پر وحی اترتے ہوئے دیکھی اور (یہ دیکھا کہ) جب وہ موقوف ہوئی تو مقدس پیشانی پسینے سے شرابور تھی۔

Ḥaḍrat 'A'isha رضی اللہ عنہا narrated that Al-Ḥarith bin Hishām رضی اللہ عنہ asked the Almighty Allah's Messenger ﷺ: "O the Almighty Allāh's Messenger! How is the Divine Revelation revealed to you?" The Almighty Allāh's Messenger ﷺ replied: "Sometimes it is revealed like the ringing of a bell; this form of Revelation is the hardest of all and this state wears off after I have retained what is revealed. Sometimes the Archangel appears before me in the form of a man and speaks to me, and I memorise whatever he says."

Ḥaḍrat 'A'isha رضی اللہ عنہا added: "Verily I observed the Prophet ﷺ receiving the Revelation on a very cold day. Then in no time it came to its end, and I noticed perspiration dripping from his forehead."

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V1, P2)

عن ابی جعفرؒ قال: نزل الملك على رسول الله ﷺ بحراء يوم الاثنين لسبع عشرة خلت من شهر رمضان و رسول الله ﷺ يومئذ ابن اربعين سنة و جبريل عليه السلام الذى كان ينزل عليه بالوحى۔

(الطبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۱ ص ۱۹۴)

حضرت ابو جعفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ پہلی مرتبہ جو فرشتہ حضور اقدس ﷺ کے پاس غار حرا میں وحی لایا اس روز پیر کا دن تھا اور رمضان کی سترہ تاریخ تھی اور اس وقت آپ کی عمر مبارک چالیس سال تھی اور حضرت جبریل علیہ السلام ہی آپ پر وحی لایا کرتے تھے۔

Ḥadrat Abu Ja'far رحمۃ اللہ علیہ reported that the first time the Archangel brought the Revelation from Allāh the Almighty to His Apostle ﷺ in the Cave of Hira, it was Monday, the seventeenth day of the Month of *Ramaḍān*. The Almighty Allah's Apostle ﷺ was forty years old, and it was the Archangel Gabriel علیہ السلام who brought the Revelation.

-(Al-Ṭabaqāt Al-Kubrā V1, P194)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ

سَیِّدُنَا الْحَامِی ﷺ

ہمارے سردار — درود و سلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā AL-ḤĀMIYYU ﷺ (Our Leader the Defender (of His *Ummah*) ﷺ)

عن حذيفة بن اليمان رضي الله عنه يقول غاب عنا رسول الله ﷺ يومًا فلم يخرج حتى ظننا انه لن يخرج فلما خرج سجد سجدة فظننا ان نفسه قد قبضت منها فلما رفع رأسه قال ان ربي تبارك وتعالى استشارني في امتي

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اکرم ﷺ ایک دن ہم سے غائب رہے۔ گھر سے باہر تشریف نہ لائے حتیٰ کہ ہم نے گمان کیا کہ حضور اقدس ﷺ کبھی باہر تشریف نہ لائیں گے۔ پھر جب آپ تشریف لائے تو آپ نے ایک لمبا سجدہ کیا جس پر ہمیں گمان ہوا کہ آپ کا وصال ہو گیا ہے۔ جب آپ نے سجدہ سے سر اٹھایا تو فرمایا میرے رب تبارک و تعالیٰ نے مجھ سے میری امت

ماذا افعل بهم
فقلت ما شئت أى
رب هم خلقك و
عبادك فاستشارنى
الثانية فقلت له
كذلك فقال لا
احزنك فى امتك
يا محمد و بشرنى
ان اول من يدخل
الجنة من امتى
سبعون الفا مع
كل ألف سبعون
الفا ليس عليهم حساب
ثم ارسل الى
فقال ادع تجب و
سل تعط فقلت
لرسوله او معطى
ربى سؤلى فقال
ما ارسلنى اليك
الا ليعطيك و لقد
اعطانى ربى عزوجل
ولا فخر و غفرلى

کے بارے میں مشورہ طلب کیا کہ میں
ان سے کیا کروں تو میں نے عرض کیا
کہ اے میرے پروردگار جو تو چاہے کر،
وہ تیری ہی مخلوق ہے تیرے ہی بندے
ہیں۔ پھر دوبارہ مجھ سے دریافت کیا
میں نے پھر ویسے ہی جواب دیا تو اس پر
اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ اے محمد ہم
تجھے تیری اُمت کے بارے میں غمگین
نہیں کریں گے اور مجھے بشارت دی
کہ سب سے پہلے جو آپ کی اُمت میں
سے جنت میں داخل ہوں گے وہ
ستر ہزار ہونگے۔ ہر ایک ہزار کے ساتھ
ستر ہزار اور ہوں گے۔ (یہ وہ ہونگے
جن سے حساب نہیں لیا جائیگا) پھر
اللہ تعالیٰ نے میری طرف پیغام بھیجا
کہ دعا مانگ قبول کی جائے گی سوال
کر، دیا جائے گا۔ تو میں نے اللہ کے
پیامبر کو کہا کہ کیا اللہ تعالیٰ میرے تمام
سوالوں کو قبول فرمائے گا؟ تو فرشتہ
بولا کہ مجھے تو بھیجا ہی اس نے اسی
لیے ہے کہ آپ کو اللہ تعالیٰ ہر
وہ چیز عطا فرمائے گا جو آپ نے اس

ما تقدم من ذنبی
وما تاخر و انا
امشی حیا صحیحا و
اعطانی ان لا تجوع
امتی ولا تغلب و
اعطانی الکوثر فھو
نھر من الجنۃ یسیل
فی حوضی واعطانی
العز والنصر والرعب
یسعی بین یدی
امتی شھرا و اعطانی
انی اول الأنبیاء
ادخل الجنۃ وطیب
لی و لامتی الغنیمۃ
و احل لنا کثیرا
مما شدد علی من
قبلنا و لم یجعل
علینا من حرج -

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۹۳)

سے مانگی ہے اور مجھے میرے رب نے
سب کچھ عطا کر دیا اور مجھے اِس پر
فخر نہیں ہے اور میرے اگلے پچھلے گناہ
معاف کر دیے اور مَیں حیا سے صحیح
طور پر چل رہا ہوں اور مجھ کو اللہ تعالیٰ
نے یہ بھی بشارت دی کہ میری اُمّت
نہ کبھی فاقہ میں مبتلا ہوگی اور نہ ہی کبھی
مغلوب ہوگی اور مجھے حوضِ کوثر عطا
فرمایا جو جنّت میں ایک نہر ہے جس کا
پانی میرے حوض میں گرے گا اور مجھ کو
عزّت، نصرت اور رُعب بخشا جو کہ
میری اُمّت کو ایک مہینہ کی مسافت
تک دیا گیا ہے (یعنی کفار لوگ
اُمّت سے ایک ماہ کی مسافت کے
فاصلہ پہ ہی ڈریں گے) اور مجھ کو یہ
بھی عطا فرمایا کہ مَیں نبیوں میں سے
پہلا ہوں گا جو بہشت میں داخل ہوگا
اور میرے اور میری اُمّت کے لیے
غنیمت کا مال پاک کر دیا گیا ہے اور
بہت سی چیزوں کو حلال کر دیا جو کہ
اگلے لوگوں پر سختی تھی اور اُس نے
ہم پر کوئی مشکل نہیں ڈالی۔

Hadrat Ḥudhaifa bin al-Yamān رضي الله عنه reports: "One day the Almighty Allah's Apostle صلى الله عليه وسلم stayed away from us and did not leave the house. Soon we began to worry if he would ever come out. When he did appear, he immediately went into prostration. He prostrated at length, to the point that we began to suspect if he had breathed his last. When he raised his head, he said: 'Allāh the Almighty has consulted me about my *Ummah* as to what He should do with them. And I said: 'O Allāh the Almighty! Do as You please, You are the Creator and they are Your creatures and servants.'

"Then, Allāh the Almighty consulted me for the second time. And I replied in the same manner. At that Allāh the Almighty said: 'O Muhammad صلى الله عليه وسلم! We shall not burden you with grief in respect of your *Ummah*. We give you glad tidings that the first to enter Paradise from your *Ummah* shall number 70,000. With every thousand there will be another 70,000; and they shall not be held into account.'

"Then Allah the Almighty sent for me saying: 'Pray and your prayer shall be answered, ask and you shall be granted.'

"I asked the Almighty Allah's Angel (who brought the message): 'Will Allah the Almighty grant all my requests?'

"The Angel replied: 'I have been sent to you for this reason, that is, to grant whatever you ask for.'

"So my Lord, the High and Glorious has given me everything; but I do not boast.

"Allah the Almighty has forgiven all my failings of the past and future (48:2), and I am walking straight in all modesty.

"Allah the Almighty has also guaranteed that my *Ummah* shall never starve; nor shall it be subservient.

"I have been granted the Cistern of *Kawthar*, which is a stream in Paradise and from which water shall fall into my Cistern.

"Allāh the Almighty has blessed me with honour, victory and the power to inspire awe. These will remain in the possession of my *Ummah* for as long as a month (i.e. over the unbelieving enemies).

"I have also been granted the privilege of being the first among the Prophets of Allah the Almighty to enter Paradise. The spoils of war have been made lawful for me and my *Ummah*, many more things have been permitted for my *Ummah* which were strictly forbidden for previous *Ummahs*, and Allāh the Almighty has not confined us."

-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P393)

المانع لامته من العِدَى
والحافظ لها من الردى.
(سبل الهدیٰ ج۱۔ص۵۵۰)

الحامی یعنی اپنی امّت کو دشمن سے
بچانے والے اوران کو ہلاکت سے
حفاظت کرنے والے۔

The word *Al-Ḥāmi* (with respect to the Holy Prophet ﷺ) means "defender of his *Ummah* from enemies and from ruin."

-(Subul Al-Hudā V1, P550)

سیدنا الحائد ﷺ

ہمارے سردار اُمت کو آگ سے دور لے جانے والے درود و سلام بھیجئے اللہ آپ پے

Sayyidunā AL-ḤĀ'IDU ﷺ
(Our Leader,
the Saviour from Hell-Fire ﷺ)

إسم فاعل من حاد عنه يحيد۔ (شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج۳ ص۱۲۶)

یہ حاد، یحید سے اِسم فاعل کا صیغہ ہے۔

Al-Ḥā'id is the active participle derived from the verbs *Ḥāda* and *Yaḥīdu*, which mean "to turn away from a disaster etc.".

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al- Zarqānī V3, P126*)

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله ﷺ إسمي في القرآن محمد و في الإنجيل احمد و في التوراة أحيد و انما سميت احيد لأني أحيد عن امتي

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ میرا نام قرآن میں محمد ہے اور انجیل میں احمد ہے اور توراۃ میں احید ہے۔ احید اس لیے پکارا جاتا ہے کیونکہ میں اپنی اُمت کو دوزخ

نارِ جهنم۔ (رواه ابن عدی و ابن عساکر کما فی کتاب تهذیب الاسماء و اللغات۔ شرح المواهب اللدنیۃ للزرقانی ج۳ ص۱۸۸)	کی آگ سے ایک طرف لے جانے والا ہوں۔

Ḥadrat Ibn 'Abbās رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "My name is *Muḥammad* ﷺ in the Holy Qur'an, *Aḥmad* ﷺ in the Holy Bible, and *Uhīd* ﷺ in the Holy Torah. I am described as *Uhīd* because I shall lead my *Ummah* away from Hell-Fire."

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al- Zarqāni V3, P188)

قال الزرقانی رحمۃ اللہ علیہ فی شرحہ ای أدفعها عنهم بشفاعتی۔ (شرح المواهب اللدنیۃ للزرقانی ج۳ ص۱۸۸)	علامہ زرقانی رحمۃ اللہ علیہ اسکی شرح میں فرماتے ہیں۔ یعنی میں ان کو اپنی شفاعت کے ساتھ دوزخ سے دور لے جاؤں گا۔

'Allāma Al-Zarqāni رحمۃ اللہ علیہ has explained in his commentary that the Almighty Allah's Prophet ﷺ shall save them (from Hell) by his intercession.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al- Zarqāni V3, P188)

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک

سیدنا حبنطا صلی اللہ علیہ وسلم

ہمارے سردار — حرم کے محافظ — درود وسلام بھیجو ان پر

Sayyidunā ḤABANṬĀ ﷺ
(Our Leader
the Custodian of the Holy Ka'bah ﷺ)

حماطیط وحمیاطی من أسماء النبی ﷺ فی الکتب السابقة ای حامی الحرم (القاموس ج۲ ص۳۵۵)

حماطیط اور حمیاطی حضور ﷺ کے اسمائے گرامی ہیں جو پہلی کتابوں میں تھے، یعنی حرم پاک کے حامی۔

Ḥamāṭīṭ and *Ḥamyāṭi* are among the names of the Almighty Allāh's Apostle ﷺ which were found in the ancient Scriptures. They mean "the custodian of the Ka'bah".
-*(Al-Qāmūs V2, P355)*

قال العزفی هو اسمه فی الإنجیل (شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج۳ ص۱۲۷)

علامہ عزفی کا بیان ہے کہ یہ اسم انجیل میں موجود ہے۔

'Allama Al-'Azafi رحمۃ اللہ علیہ states that this is the Holy Prophet's (ﷺ) name as found in the Holy Bible.
-*(Sharḥ Al-Mawāhib V3, P127)*

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العالمین

عن عُروة بن الزبير رضی اللہ عنہ قال صلی اللہ علیہ وسلم للعباس (رضی اللہ عنہ) احبس ابا سفيان عند حطم الخيل حتى ينظر الى المسلمين فحبسه العباس (رضی اللہ عنہ) فجعلت القبائل تمرّ مع النبی ﷺ كتيبة كتيبة على ابی سفيان فمرت كتيبةٌ قال يا عباسُ من هذه؟ قال هذه غفار. قال مالی و لغفار ثم مرت جهينة قال مثل ذلك ثم مرت سعد ابن هذيم فقال مثل ذلك ثم مرت سليم فقال مثل ذلك حتى اقبلت كتيبة لم ير مثلها قبل قال من هذه؟ قال

حضرت عُروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ ابُوسفیان کو گھوڑوں کے ہجوم کے پاس کھڑا کر دو تاکہ مسلمانوں کی شوکت ملاحظہ کرے حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے ابُوسفیان کو (مقامِ مذکورہ پر) کھڑا کر دیا اور حضورِ اکرم ﷺ کے ساتھ قبیلے قبیلے گزرنے شروع ہوئے ٹکڑا ٹکڑا لشکر کا ابُوسفیان کے پاس سے گزرا۔ ابوسفیان بولا اے عباس رضی اللہ عنہ! یہ کون ہیں؟ وہ بولے یہ قبیلہ غفار ہے۔ ابوسفیان نے کہا میری اور غفار کی تو لڑائی نہ تھی (پھر یہ حضورِ اقدس ﷺ کے ہمراہ چڑھ کر کیوں آئے ہیں) پھر قبیلہ جہینہ گزرا اور ابُوسفیان نے مثلِ اوّل گفتگو کی۔ پھر قبیلہ سعد بن ہذیم گزرا پھر ابُوسفیان نے پہلے کی طرح کہا پھر قبیلہ سلیم گزرا تو ابُوسفیان نے یہی بات کہی۔ پھر ایک لشکر آیا کہ اس جیسا ابُوسفیان نے نہیں دیکھا تھا پوچھا یہ کون ہے؟ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے جواب

هٰؤلاء الأنصار عليهم
سعد بن عبادة رضي الله عنه
مع الراية فقال
سعد بن عبادة رضي الله عنه:
"يا ابا سفيان!
اليوم يوم الملحمة
اليوم تستحل الكعبة"
فقال ابو سفيان:
يا عباس حبذا يوم
الذمار ثم جاءت كتيبة
وهي اقل الكتائب فيهم
رسول الله ﷺ
واصحابه وراية النبي
ﷺ مع الزبير
ابن العوام فلما مر
رسول الله ﷺ
بابي سفيان قال الم
تعلم ما قال سعد بن
عبادة، قال ما قال
قال كذا وكذا فقال
كذب سعد ولكن هذا
يوم يعظم الله فيه الكعبة

دیا یہ انصار ہیں، انکے امیر سعدؓ بن عبادہؓ
ہیں، انہی کے پاس جھنڈا ہے پھر
سعدؓ بن عبادہ نے کہا اے ابوسفیان!
آج قتل کا دن ہے۔ آج کعبہ حلال ہو جائے
گا (یعنی کفار کا قتل اس میں جائز ہو جائے
گا) ابوسفیان نے کہا اے عباسؓ! آج حمایت
کا دن ہے (یعنی آج آپؓ پر ہماری حمایت
حفاظت لازم ہے)۔ پھر ایک لشکر آیا،
اور وہ سب لشکروں سے چھوٹا تھا،
اسی میں رسولِ اقدس ﷺ
اور آپؐ کے صحابہ رضی اللہ عنہم
تھے اور حضورِ اقدس ﷺ کا جھنڈا
حضرت زبیرؓ بن عوام رضی اللہ عنہ کے پاس
تھا۔ جب رسولِ اقدس ﷺ
ابوسفیان کے پاس سے گزرے تو
ابوسفیان نے کہا آپؐ کو نہیں معلوم
کہ سعدؓ بن عبادہؓ نے کیا کہا ہے؟ آپؐ
نے پوچھا اس نے کیا کہا؟ ابوسفیان
نے کہا کہ اس نے اس اس طرح
کہا ہے۔ آپؐ نے فرمایا سعدؓ نے
غلط کہا، یہ وہ دن ہے کہ اللہ تعالیٰ
اس میں کعبہ کو بزرگی دے گا اور وہ

و يوم تكسى فيه الكعبة۔ | دن ہے کہ کعبہ کو (غلاف) پہنایا جائے گا۔
(صحیح البخاری ج ۲ ص ۶۱۳)

Hadrat 'Urwa bin Zubair رضی اللہ عنہ narrated that the Almighty Allāh's Messenger ﷺ said to Hadrat Abbās رضی اللہ عنہ: "Keep Abu Sufyān رضی اللہ عنہ standing by the cavalery so that he may observe the Muslims' grandeur." So 'Abbas رضی اللہ عنہ kept him standing at the appointed place, and tribe after tribe passed by the Holy Prophet ﷺ in front of Abu Sufyān رضی اللہ عنہ, who saw all of these batallions. One batallion passed by and Abu Sufyan رضی اللہ عنہ asked: "O 'Abbās رضی اللہ عنہ! "Who are these?"

'Abbās رضی اللہ عنہ replied: "They are Banu Ghifār."

Abu Sufyān رضی اللہ عنہ said: "I have no contention against the Tribe of Ghifār." (Then why have they marched against Makkans?)

A batch of the Tribe of Juhaina passed by and he said likewise. Then a batch of the Tribe of Sa'd bin Hudhaim passed by and he made similar remarks. Then came Banu Sulaim and he repeated the same. Then came a batallion, the like of which Abu Sufyan رضی اللہ عنہ had not seen. He said: "Who are these?"

Hadrat 'Abbās رضی اللہ عنہ said: "They are the *Ansar* led by Sa'd bin 'Ubada رضی اللہ عنہ, the one holding the flag." Sa'd bin 'Ubāda رضی اللہ عنہ said: "O Abu Sufyān! Today is the day of a great battle. Today the Ka'ba will be made lawful (i.e. killing of disbelievers in Ka'bah will be lawful to-day)."

Abu Sufyān رضی اللہ عنہ said: "O 'Abbas رضی اللہ عنہ! To-day is the day of help! (It is incombant upon you to-day to come to our favour)."

Then came another unit of warriors, which was the smallest in number of all the batallions, and in it there was the Almighty Allāh's Messenger ﷺ, his Companions and the flag of the Holy Prophet ﷺ, which was carried by Zubair bin Al-'Awwām رضی اللہ عنہ. When the Almighty Allāh's Messenger ﷺ passed

by Abu Sufyān, he said to the Prophet ﷺ: "Do you know what Sa‘d bin ‘Ubāda has said?"

The Holy Prophet ﷺ said: "What did he say?"

Abu Sufyān replied: "He said such and such."

The Holy Prophet ﷺ said: "Sa‘d has spoken incorrectly. Today Allāh will honour the Ka‘ba. Today we will clothe the Ka‘ba."

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhāri V2, P613)

حبنطیٰ تفسیرہ یفرق بین الحق والباطل۔

(سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۵۵۲)

حبنطیٰ اس کو کہتے ہیں جو حق اور جھوٹ کے درمیان فرق کرے۔

The word *Ḥabanṭā* is interpreted to mean "one who distinguishes between Truth and Falsehood".

-(Subul Al-Hudā V1, P552)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ● مَا شَاءَ اللهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ

سَيِّدُنَا الْحَبِيْبُ ﷺ

ہمارے سردار سراپا محبت درود و سلام بھیجئے اُن پر

Sayyidunā AL-ḤABĪBU ﷺ
(Our Leader, the Beloved ﷺ)

عن انس رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ يقدم عليكم اقوام هم ارق منكم قلوبًا قال فقدم الاشعريون فيهم ابو موسى الأشعري رضي الله عنه، فلما دنوا من المدينة كانوا يرتجزون يقولون " غدًا نلقى الاحبة محمدًا و حزبه "

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ٣ - ص ١٠٥)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا تمہارے پاس ایک قوم آئے گی جن کے دِل تمہارے دِلوں سے زیادہ نرم ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ اشعری آئے جن میں حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بھی تھے۔ جب وہ مدینہ منورہ کے نزدیک آئے تو وہ شعر پڑھتے تھے۔ کہتے تھے:
"کل ہم دوستوں سے ملاقات کریں گے۔ حضرت محمد ﷺ

سے اور آپؐ کی جماعت سے۔"

Ḥadrat Anas رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "A certain tribe shall come to you and their hearts will be gentleer than your own."

Then the *Ash'ari* tribe came, among them being Ḥadrat Abu Mūsā Al-Ash'ari رضی اللہ عنہ. When they neared Medina *Al-Munawwara*, he recited the following Verse:

"Tomorrow we shall meet the loved ones,
Muḥammad ﷺ and his Companions."

-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V3, P105)

فعیل من المحبة	الحبیب محبت سے فعیل کا وزن
بمعنی مفعول لانه	ہے جو معنی مفعول کے ہے، کیونکہ
محبوب لله او بمعنی	آپؐ اللہ کے پیارے ہیں یا معنی
فاعل لانه محب له تعالی.	فاعل کیونکہ آپؐ اللہ تعالیٰ سے
(شرح المواهب اللدنیة للزرقانی ج ۳ ص ۱۲۶)	محبت کرنے والے ہیں۔

The Arabic word *Al-Habīb* is of the pattern *Fa'īl* from *Maḥabba* (Love), having the meaning of the pattern *Maf'ūl* (passive participle), because he is the *Maḥbūb* (Beloved) of Allāh the Almighty. Or it is with the meaning of *Fa'il* (active participle) i.e. *Muḥibb* (Lover), because he also loves Allah the Almighty.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Zarqānī V3, P126)

عن علی رضی الله عنه قال	حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت
من راه بداهة هابه و	ہے کہ جو شخص حضور اقدس ﷺ
من خالطه معرفة احبه	کو اچانک دیکھتا وہ آپؐ سے خوف
یقول ناعته لم ارقبله ولا	کھاتا تھا اور جو آپؐ سے گھل مل جاتا
بعده مثله صلی الله علیه وسلم -	وہ آپؐ سے پیار کرتا۔ آپؐ کی تعریف

(شمائل الترمذی ص۲)

کرنے والا بیساختہ کہتا ہے کہ آپ ﷺ جیسا نہ پہلے دیکھا اور نہ ہی بعد میں دیکھا۔

حضرت مطرف بن عبداللہ بن شخیر رضی اللہ عنہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے فرمایا کہ میں حضور اقدس ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ اور آپ نماز پڑھ رہے تھے۔ اور آپ کے بطن مبارک سے ایسی آواز آرہی تھی۔ جیسے ہانڈی کے جوش کی آواز ہو اور ایک روایت میں ہے کہ آپ کے سینہ مبارک سے رونے کی وجہ سے ایسی آواز آرہی تھی جیسے کہ چکی کے چلنے کی آواز ہو۔

Ḥadrat Muṭrrif bin 'Abdullah bin As-Shikhkhīr رضي الله عنه has reported his father as saying that he went to the Almighty Allah's Apostle ﷺ when he was busy at his prayers. Because of his weeping, his chest sounded like a bubbling kettle. Another report has it that his chest sounded like the grinding of a mill-stone because

of his weeping.

-(Tārīkh Ibn Kathīr V6, P59)

سیدنا خبیر ﷺ

ہمارے سردار خبر رکھنے والے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHABĪRUN ﷺ
(Our Leader, the Most Informed ﷺ)

إشارة إلى قوله

" الرَّحْمٰنُ فَسْئَلْ بِهٖ خَبِيْرًا ○"

(سورة الفرقان ٥٩)

اشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

''وُہ بڑا مہربان ہے۔ پُوچھ اس سے جو اس کی خبر رکھتا ہے۔''

Reference to the *Holy Qur'ān*:

…. Allāh most gracious:
Ask thou, then, about Him
Of any acquainted (with such things).
-(Al-Furqān 25:59)

قال القاضي بكر بن العلاء رحمه الله المأمور بالسؤال غير النبي والنبي ﷺ

قاضی بکر بن العلاء رحمۃ اللہ علیہ نے کہا ہے جن کو سوال کرنے کا حکم ہوا ہے وُہ غیر نبی ہے اور جن سے سوال کیا گیا ہے۔ وُہ

خبير بالوجهين لانه عالم غاية من العلم بما علمه الله تعالىٰ من مكنون علمه وعظيم معرفته ولانه مخبر لامته بما اذن الله له فى اعلامهم به۔

(سبل الهدىٰ ج ۱ ص ۵٦۰، ۵٦۱)

خبر رکھنے والے حضورِ اقدس ﷺ ہیں اور حضور سرور کائنات دو وجہ سے خبیر ہیں، ۱: کیونکہ آپ کو اللہ کے پوشیدہ علم میں سے اور اسکی بڑی معرفت میں سے انبیاء کا اُونچا علم دیا گیا ہے ۲: یا یہ کہ آپ نے اپنی امت کو ان باتوں سے آگاہ کر دیا ہے جنکا حکم اللہ تعالیٰ نے آپ کو دیا تھا۔

Hadrat Qadi Bakr bın al-'Ulā رحمۃ اللہ علیہ has reported in interpretation of the above Verse that the one commanded to do the asking is not the Prophet ﷺ ut others, who are commanded to question the Prophet ﷺ because he is bestowed with vast knowledge (i.e. ask him *the Prophet* ﷺ, who is well acquainted). He was knowledgeable in two respects:

a) He (ﷺ) had ultimate knowledge, due to the secret knowledge and gnosis that Allah the Almighty revealed to him.
b) Because he conveys to his *Ummah* what knowledge he is permitted by Allāh the Almighty.

-(Subul Al-Hudā V1, P560-561)

عن المغيرة بن عبد الله رضي الله عنه فى حديث طويل فقلت يارسول الله ﷺ اخبرني بعمل

حضرت مغیرہ اپنے والد عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے ایک لمبی حدیث میں روایت کرتے ہیں کہ مَیں نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ﷺ

يقربني إلى الجنة ويباعدني من النار قال تعبد الله لا تشرك به شيئا وتقيم الصلوة وتوتي الزكوة وتصوم رمضان وتحج البيت و تاتي إلى الناس ما تحب ان يوتى اليك وتكره للناس ما تكره ان يوتى اليك۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۳۷۳)

مجھے ایسا عمل بتائیں جو مجھے جنت کے نزدیک کر دے اور دوزخ سے دُور کر دے۔ آپؐ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی بندگی کر اس کے ساتھ کسی کو شریک مت ٹھہرا۔ اور نماز کو قائم کر اور زکوٰۃ ادا کر اور رمضان کے روزے رکھ۔ اور بیت اللہ کا حج کر۔ اور لوگوں کے ساتھ وہ سلوک کر جس کی تو اُن سے اُمید کرتا ہے اور ان کے لیے وہ سب کچھ بُرا سمجھ جو تو اپنے لیے بُرا تصور کرتا ہے۔

Haḍrat Mughīra bin 'Abdullāh رضي الله عنه is reported in a long tradition as requesting the Almighty Allāh's Apostle ﷺ : "Please teach me the practice that will bring me closer to Paradise and farther away from Hell."

The Almighty Allah's Apostle ﷺ said: "Worship Allāh the Almighty; do not ascribe any partner unto Him; keep up prayer (*Ṣalāh*); pay the poor due (*Zakāh*); fast during the Holy Month of *Ramaḍān* and perform the *Hajj* to the Holy *House of Allāh*. Treat people just as you would like to be treated yourself. Dislike for people what you would dislike for yourself."

-(Musnad Imām Ahmad bin Ḥanbal V5, P373)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

سَيِّدُنَا الْخَبِيرُ صلى الله عليه وسلم

ہمارے سردار — خبر دینے والے — درود و سلام ہو آپ پر

Sayyidunā AL-KHABĪRU ﷺ
(Our Leader, the Informer ﷺ)

و قد علم انه
لا احد اعلم بالله ولا
اخبر به من عبده
ورسوله محمد صلوات
الله وسلامه عليه
سيد ولد ادم على
الاطلاق فى الدنيا
والاخرة الذى
لا ينطق عن الهوى
ان هو الا وحى
يوحى فما قاله فهو الحق
و ما اخبر به فهو الصدق

اور یہ تو معلوم ہی ہے کہ آپؐ
سے بڑھ کر اللہ کو جاننے والا کوئی
نہیں اور نہ اللہ کی خبریں دینے
والا۔ اس کے بندے اور رسُول
حضرت محمد ﷺ سے بڑھ کر
کوئی ہے۔ اللہ کا درُود و سلام
ہو آپؐ پر حضرت محمد ﷺ
جو آدم کی اولاد کے مطلق طور پر
دُنیا اور آخرت میں سردار ہیں۔ جو
اپنی مرضی سے نہیں بولتے۔ وُہ
صرف وحی ہے۔ جو آپؐ نے فرما
دیا۔ وُہ حق ہے اور جس کی آپؐ

نے خبر دی وہ سچ ہے۔ (تفسیر ابن کثیر ج ۳۔ ص ۳۲۳)

It is well-known that there is none who knows Allāh the Almighty more than the Almighty Allah's Apostle ﷺ; nor is there one who informs about Allāh the Almighty more than Prophet Muhammad ﷺ. May salutations and greetings of Allah the Almighty be on him!

He is undoubtedly the absolute Leader of mankind in this World and the Hereafter. He says nothing from his own wish, and conveys only that which is revealed to him. Whatever he says is the Truth, and whatever he conveys is also the Truth.

-(Tafsīr Ibn Kathīr V3, P323)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الأمي وعلى آله وأصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك
وبعدد خلقك ورضى نفسك وزنة عرشك ومداد كلماتك أستغفر الله الذي لا إله إلا هو الحي القيوم وأتوب إليه

سیدنا خطیب الأمم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار امتوں کے خطیب درود و سلام بھیجیں آپ پے

Sayyıdunā KHAṬĪB-UL-UMAM ﷺ
(Our Leader, the Spokesman of All Nations ﷺ)

عن انس بن مالك رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ انا اوّل الناس خروجًا اذا بعثوا و انا خطيبهم اذا وفدوا و انا مبشرهم اذا يئسوا لواء الحمد يومئذ بيدى و انا اكرم ولد اٰدم علٰى ربّى ولا فخر۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا قیامت میں سب سے پہلا اُٹھنے والا میں ہوں گا۔ میں ان کا خطیب ہوں گا۔ جبکہ لوگ وفد بن کر جائیں گے۔ اور خوشخبری سنانے والا ہوں گا جب کہ وہ مایوس ہوں گے۔ اس دن حمد کا جھنڈا میرے ہاتھ میں ہو گا اور اپنے رب کے نزدیک حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد

میں سے میں سب سے عزّت والا ہوں اور اس پر کوئی فخر نہیں۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۲۰۱)

Ḥaḍrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Prophet Muhammad ﷺ as saying: "I will be the first to rise on the Day of Judgement, and I shall be their spokesman when they appear before Allāh the Almighty in delegations. I shall be the bearer of glad tidings when they are despondent. The banner of the Almighty Allah's praise will be in my hands on that Day. I am the most honoured of mankind in the sight of my Lord, yet I am not proud."

-(Jāmi' Al-Tirmidhi V2, P201)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ● مَا شَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

سَيِّدُنَا خَطِيْبُ الْاَنْبِيَاءِ ﷺ

ہمارے سردار انبیاء کے خطیب درود و سلام بھیجئے آپ پر

Sayyidunā KHAṬĪB-UL-ANBIYĀ' ﷺ

(Our Leader ﷺ the Spokesman of All Prophets)

عن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ عن النبی ﷺ قال اذا کان یوم القیمة کنت امام النبیین و خطیبھم و صاحب شفاعتھم غیر فخر۔

(جامع الترمذی ج ۲ ص ۲۰۱ وسنن ابن ماجہ ص ۳۲۰)

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا قیامت کے دن میں پیغمبروں کا امام اور ان کا خطیب اور ان کی شفاعت کرنے والا ہوں گا اور اس پر فخر نہیں۔

Ḥadrat Ubai bin Ka'b رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "On the Day of Judgement, I will be the *Imām* (Leader) of all the Prophets (peace be upon them), their spokesman and the intercessor, yet I am not proud."

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ
اٰمِیْن اٰمِیْن اٰمِیْن یَا رَبَّ الْعٰلَمِیْنَ

-(Jāmi' Al-Tirmidhi V2, P201; Sunan Ibn Māja P320)

وزاد احمد رحمة الله عليه
وقال لولا الهجرة
لكنت امرأ من
الأنصار ولو سلك الأنصار
واديا لكنت من
الأنصار۔

(مسند الإمام احمد بن حنبل ج۵ ص ۱۳۸)

امام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ نے
اس حدیث میں حضرت ابی بن کعب
رضی اللہ عنہ سے یہ الفاظ زیادہ کئے
ہیں کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا
اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں بھی انصار کا
ایک آدمی ہوتا۔ اگر انصار کسی وادی
میں جائیں تو میں بھی انکے ساتھ ہوں گا۔

Imām Aḥmad bin Ḥanbal رحمة الله عليه has added to this tradition (as reported by Ḥaḍrat Ka'b رضي الله عنه) that the Almighty Allāh's Apostle ﷺ said: "If there had been no *Hijra* (Migration from Makkah to Medina *Al-Munawwara*), I would have been one of the *Ansār* of Medina. If they had gone to some other Valley, I would have been among them."

-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P138)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة الا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله واصحابه [illegible]

سیدنا خطیب الوافدین ﷺ

ھمارے سردار وفود کی طرف سے خطیب درود و سلام بھیجو ان پر

Sayyidunā KHAṬĪB-UL WĀFIDĪN ﷺ (Our Leader the Spokesman of (All) the Delegates ﷺ)

عن أنس بن مالك رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ انا اولهم خروجا و انا قائدهم إذا وفدوا و أنا خطيبهم إذا انصتوا و انا مشفعهم اذا حبسوا و انا مبشرهم اذا أيسوا الكرامة و المفاتيح

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس ﷺ نے فرمایا کہ (قیامت کے روز) میں سب سے پہلے قبر سے باہر نکلوں گا۔ اور جب لوگ (اللہ تعالیٰ کے) پاس گروہ بن کر جائیں گے۔ تو مَیں ان کا قائد ہوں گا اور جب وہ چُپ ہو جائیں گے تو مَیں ہی ان کا خطیب ہوں گا اور جب وہ روکے جائیں گے تو میری ہی شفاعت اُنکے حق میں مقبول ہو گی۔ اور جب وہ

يومئذ بيدى۔

(الحديث)

(سنن الدارمی ج ۱ صفحہ ۳۰)

ناامید ہونگے تو مَیں ہی اُنکو خوشخبری دُوں گا۔ بزرگی اور تمام کنجیاں اس روز میرے ہی قبضہ میں ہوں گی۔

Ḥaḍrat Anas bin Mālik رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle صلی اللہ علیہ وسلم as saying: "I will be the first to come out of my grave (on the Day of Judgement). I will be the leader when people assemble in delegations, and I will be their spokesman, while they listen. I will be their intercessor when they are barred. I will be the bringer of glad tidings to them when they are despondent. All reverence and the keys (to everything) will be in my hands on that Day."

-(Sunan Al-Dārimi V1, P30)

سيدنا الخليفة ﷺ

ہمارے سردار نائب درود وسلام بھیجئے اللہ آپ پر

Sayyidunā AL-KHALĪFATU ﷺ
(Our Leader, the Vicegerent ﷺ)

إشارة إلى قوله:

" ثُمَّ جَعَلْنَاكُمْ خَلَائِفَ فِي الْأَرْضِ مِنْ بَعْدِهِمْ لِنَنْظُرَ كَيْفَ تَعْمَلُونَ "

(سورة يونس ١٤)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

" پھر ہم نے اُن کے بعد تمہیں ملک میں بااختیار بنایا تاکہ دیکھیں کہ تم کیا کرتے ہو۔"

Reference to the *Holy Qur'an*:

Then we made you heirs
In the land after them,
To see how you would behave!
-(*Yunus 10:14*)

وَهُوَ الَّذِي جَعَلَكُمْ خَلَائِفَ الْأَرْضِ وَ رَفَعَ بَعْضَكُمْ فَوْقَ

" اور وہی ہے جس نے بنایا تمہیں نائب زمین میں۔ اور بلند کر دیے تم میں درجے ایک کے ایک

بَعْضٍ دَرَجٰتٍ لِّيَبْلُوَكُمْ فِىْ مَآ اٰتٰىكُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ سَرِيْعُ الْعِقَابِ ۖۗ وَاِنَّهٗ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ
(سورة الانعام ١٦٥)

پر تاکہ آزماوے تمہیں اپنے دیے ہوئے حکموں میں۔ تحقیق رب آپ کا جلد عذاب کرنے والا ہے اور تحقیق وہ البتہ بخشنے والا مہربان ہے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

It is He Who hath made
You (His) agents, inheritors
Of the earth: He hath raised
You in ranks, some above
Others: that He may try you
In the gifts He hath given you:
For the Lord is quick
In punishment: yet He
Is indeed Oft-Forgiving,
Most Merciful.
-*(Al-An'ām 6:165)*

عن أبي هريرة رضي الله عنه قال قال رسول الله ﷺ قالوا حياه الله من اخ ومن خليفة فنعم الاخ ونعم الخليفة ونعم المجيء جاء۔
(رواه ابن جرير۔ تفسیر ابن کثیر ج ٣۔ ص ١٩)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا۔ پیغمبروں نے کہا مبارک ہو۔ اللہ اس بھائی کو زندہ رکھے اور خلیفہ ہے۔ اور اچھا بھائی ہے اور اچھا خلیفہ اور بہت اچھا ہے آنے والا۔

Ḥadrat Abū Huraira رضي الله عنه has narrated the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "They (the Prophets,

peace be on them) said; May Allāh the Almighty bless the brother and vicegerent. How good a brother, how good a vicegerent, indeed how good he is when he comes'."

-(*Tafsīr Ibn Kathīr V3, P19*)

عن عائشة رضي الله عنها قالت
فتح رسول الله ﷺ بابا بينه
وبين الناس اوكشف سترا
فاذا الناس يصلون وراء
ابی بكر فحمد الله على ما رأى
من حسن حالهم ورجاء ان
يخلفه الله فيهم بالذي
رأهم فقال يايها الناس ايما
احد من الناس او من
المؤمنين اصيب بمصيبة
فليتعز بمصيبة بي عن
المصيبة التي تصيبه بغيري
فان احدا من امتي لن
يصاب بمصيبة بعدي اشد
عليه من مصيبتي۔

(سنن ابن ماجة ص۱۱۶ مطبوعہ دھلی)

حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ (مرض وفات
میں) حضور اقدس ﷺ نے (حجرہ
مبارک کا) دروازہ کھولا جو آپ کے اور لوگوں کے
درمیان (مسجد نبوی کا) تھا یا فرمایا کہ پردہ
ہٹایا تو آپ نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کی اقتدار
میں لوگوں کو نماز پڑھتے دیکھا۔ آپ نے لوگوں کو
اچھے حال میں دیکھ کر نیز اس اُمید پر کہ جیسے
لوگوں نے نماز کی اقتدا کیلئے بہتر جانا ہے،
(میرے بعد) اللہ تعالیٰ ان میں خلیفہ بنائے،
اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کی اسکے بعد ارشاد فرمایا
اے لوگو، لوگوں میں سے یا ایمان والوں میں سے جو
شخص کسی مصیبت میں مبتلا ہو اُسے چاہیے کہ
میری (وفات کی) مصیبت کے ذریعہ اُس مصیبت سے
جو اسکے بغیر ہے تسلی حاصل کرے کیونکہ میری
امت میں کسی پر میری وفات سے بڑھ کر
سخت کوئی مصیبت نہیں۔

Ḥadrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا has reported that (at the time of his last illness), the Almighty Allah's Apostle ﷺ opened the door of his quarter which separated him from the people (in his mosque), or that he removed the curtain that hung there. He saw people praying

behind Ḥadrat Abū Bakr Al-Siddīq رضي الله عنه. He praised Allāh the Almighty on seeing his people in good form and praying behind someone whom they saw fit to be his vicegerent. Then he said: "O people! Whoever among the faithful suffers from grief, let him console himself with the fact that my passing away is the greatest of their griefs, and that they will not suffer any affliction greater than it after me. (That is, those moments spent with me will be the best of their time, and after I am gone these same moments will remain for them a solace to them.)."

-(Sunan Ibn Māja P116, The Delhi Edition)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ • مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ
اللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَكَ

سَيِّدُنَا خَلِيْفَةُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہمارے سردار — اللہ کے خلیفہ — درود و سلام بھیجے اللہ آپ ﷺ پر

Sayyidunā KHALĪFAT ULLĀH ﷺ
(Our Leader
the Vicegerent of Allāh ﷺ)

إشارة إلى قوله ،

" وَإِذْ قَالَ رَبُّكَ
لِلْمَلٰٓئِكَةِ إِنِّيْ جَاعِلٌ
فِي الْأَرْضِ خَلِيْفَةً ؕ "

(سورة البقرة ٣٠)

اِشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

"اور اس وقت کو بھی یاد کریں
جب آپؐ کے ربّ نے فرشتوں
کو کہا کہ مَیں زمین میں اپنا
نائب بھیجنے والا ہوں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Behold, thy Lord said to the angels, "I will create
A vicegerent on earth....... "
-(Al-Baqarah 2:30)

عن ابن ابی ملیکة رضي الله عنه
قال قيل لابی بکر

حضرت ابن ابی ملیکہ رضی اللہ عنہ
سے روایت ہے کہ حضرت

رضي الله عنه ياخليفة الله فقال
أنا خليفة رسول الله
صلى الله عليه وسلم و أنا راض
به و أنا راض به
و أنا راض.
(مسند الامام احمد بن حنبل ج ا ص ١٠)

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو یا خلیفۃ اللہ
کہا گیا تو انہوں نے فرمایا کہ میں
تو رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ
ہوں۔ اور میں اس پر راضی
ہوں۔ میں اس پر راضی ہوں۔
اور میں راضی ہوں۔

Ḥadrat Ibn Abi Malıka رضی اللہ عنہ has reported that when Ḥadrat Abū Bakr Al-Siddıq رضی اللہ عنہ was addressed as *Khalīfat Ullāh* (Vicegerent of Allah the Almighty), he declared: "I am the *Khalīfatu Rasūl Ullāh* (Vicegerent of the Almighty Allāh's Apostle ﷺ) and I am happy with that." He repeated: "I am happy with that; I am happy."

-(Musnad Imām Aḥmad bın Ḥanbal V1, P10)

عن سبيع رحمة الله عليه
قال ارسلوني من ماء
إلى الكوفة اشترى
الدواب فاتينا الكناسة
فاذا رجل عليه جمع
قال فاما صاحبي
فانطلق الى الدواب
واما انا فاتيته
فاذا هو حذيفة رضي الله عنه
فسمعته يقول كان

حضرت سبیع رحمۃ اللہ علیہ کا بیان
ہے کہ مجھے گھر والوں نے کنویں
سے کوفہ کو جانور خرید کرنے کے
لیے بھیجا ہم کوفہ کی منڈی میں آئے
تو وہاں ایک آدمی کو دیکھا جس
کے گرد لوگ جمع تھے میرا ساتھی
تو جانور خریدنے چلا گیا۔ اور میں
اس آدمی کے پاس آیا تو وہ
حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ صحابی رسول
تھے۔ وہ فرما رہے تھے کہ دوسرے

اصحاب رسول الله ﷺ يسألونه عن الخير و اسأله عن الشر فقلت يا رسول الله (ﷺ) هل بعد هذا الخير شر كما كان قبله شر قال نعم قلت فما العصمة منه قال السيف قال قلت ثم ماذا قال ثم تكون هدنة على دخن قال قلت ثم ماذا قال ثم تكون دعاة الضلالة قال فان رأيت يومئذ خليفة الله فى الارض فالزمه و ان نهك جسمك واخذ مالك ۔ (الحديث)

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۴۰۳)

صحابہ رسُول ﷺ تو آپ سے نیکی کی باتیں دریافت کیا کرتے تھے اور میں آپ سے شر کی باتیں پُوچھا کرتا تھا۔ میں نے پُوچھا یا رسُول اللہ ﷺ کیا خیر کے بعد کبھی شر کا زمانہ بھی آئے گا۔ جیسے پہلے تھا۔ آپ نے فرمایا ہاں۔ میں نے عرض کیا اس سے بچنے کی صُورت کیا ہوگی؟ آپ نے فرمایا تلوار پھر میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد کیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا صُلح ہوگی دھوکہ پر۔ میں نے عرض کیا کہ اس کے بعد آپ نے فرمایا گمراہی کے داعی ہوں گے۔ آپ نے فرمایا کہ اگر تو زمین میں اللہ کے خلیفہ کو دیکھے تو اس کو لازم پکڑ۔ اگرچہ وہ تیرا جسم مار مار کر ادھیڑ دے اور تیرا مال چھین لے۔

Ḥaḍrat Sabīʻ رضی اللہ عنہ states: "I was sent from the farm-well to Kufa in order to purchase cattle. When we

reached the cattle market at Kufa, we noticed a man surrounded by a crowd of people. My companion went on to purchase the cattle but I went up to this man. He was Ḥadrat Ḥudhaifa رضی اللہ عنہ, a Companion of the Almighty Allah's Apostle ﷺ. He was saying thus: 'The other Companions used to ask the Almighty Allāh's Apostle ﷺ about good, and I used to ask him about evil.' Once I asked if this good would be followed by evil just as there had been evil before it."

The Almighty Allah's Apostle ﷺ replied: "Yes" Then I asked: "How may one protect oneself from that evil?"

He replied: "By the sword." I then asked what would happen after that. He replied that there would be a truce on the basis of deceit. I then asked what would take place next. The Almighty Allāh's Apostle ﷺ replied that then there would be those who would preach so as to mislead, and added: "If on those days you see the Vicegerent of Allāh the Almighty on Earth, stick by him, even if the struggle exhausts your body and takes all your wealth."

-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P403)

عن ام سلمة رضی اللہ عنہا
ان ابا سلمة حدثهم
ان رسول الله ﷺ
قال اذا اصابت
احدكم مصيبة فليقل
انا لله وانا اليه راجعون
اللهم عندك احتسب
مصيبتي فاجرني
فيها وابدلني بها
خيرًا منها فلما قبض

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا
سے روایت ہے کہ حضرت
ابو سلمہ رضی اللہ عنہ نے انہیں حدیث
بیان کی کہ حضور اقدس ﷺ
نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی
کو کوئی تکلیف پہنچے تو وہ یہ پڑھے
انا لله وانا اليه راجعون
(ہم اللہ کیلیے ہیں اور ہم اسی کی
طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ
میں تیرے ہاں اپنی مصیبت کا ثواب

ابو سلمة رضي الله عنه خلفني
الله عزّ وجل في
اهلي خيرًا منه۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ۴ - ص ۲۷)

طلب کرتا ہوں مجھے اس مصیبت کا
ثواب عطا کر اور مجھے اس سے بہتر بدلہ
دے۔ جب حضرت ابو سلمہ رضی اللہ عنہ فوت
ہو گئے اللہ تعالیٰ نے مجھے اس سے بہتر
حضور اقدس ﷺ خلیفہ عنایت فرمایا

Ḥaḍrat Umm Salma رضي الله عنها has reported that Ḥaḍrat Abū Salma رضي الله عنه narrated to them a *Ḥadīth* of the Almighty Allāh's Apostle ﷺ in which he said: "When any one of you meets with a problem he should recite: "From Allāh we are and to Him we shall return -(*Al-Baqarah 2:156)*, O Allāh the Almighty! I entrust my sufferings unto You that You may take them into account and reward me duly for them (in the Hereafter). Compensate me in return for it with something far better." So when Abū Salma رضي الله عنه passed away, Allāh the Almighty gave me a *Khalīfa* (in the person of the Holy Prophet ﷺ) better than him.

-(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P27)

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة إلا بالله

اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله واصحابه وعترته بعدد كل معلوم لك

سیدنا الخلیل صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — جانی — درود وسلام بھیجیے الآ آپ

Sayyidunā AL-KHALĪLU صلى الله عليه وسلم
(Our Leader, the Friend صلى الله عليه وسلم)

هذا حبيبي وهذا
خليلي يا بنات اورشليم.
(بائیبل پرانا عہدنامہ غزل الغزلات باب ۵ آیۃ ۱۶)

اے یروشلم کی بیٹیو یہ میرا
پیارا یہ میرا جانی ہے۔

This is my beloved and
This is my friend O Daughters of Jerusalem!
-(The Holy Bible, the Old Testament, Song of Solomon 5: 16)

عن ابی العالیۃ رحمۃ اللہ علیہ
قال اخر عبيد الله بن
زياد الصلوة فسألت
عبدالله بن الصامت
رضی اللہ عنہ فضرب فخذی
قال سألت خليلي

حضرت ابوالعالیہ رحمۃ اللہ علیہ
کا بیان ہے کہ ایک دن عبیداللہ
بن زیاد نے دیر سے نماز پڑھائی
تو میں نے حضرت عبداللہ بن الصامت
رضی اللہ عنہ سے پوچھا تو انہوں نے
میری ران پر ہاتھ مار کر فرمایا کہ

اباذر رضی اللہ عنہ فضرب فخذی و قال سألت خلیلی یعنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم فقال صل الصلوٰة لمیقاتھا فان ادرکت فصل معھم ولا تقولن انی قد صلیت فلا اصلی۔

(مسند لامام احمد بن حنبل ج ۵ ص ۱۲۷)

یہ مسئلہ میں نے اپنے جانی ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے پوچھا تھا تو انہوں نے میری ران پر ہاتھ مار کر فرمایا کہ میں نے اپنے جانی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا تھا تو آپؐ نے فرمایا تھا۔ کہ وقت پر نماز پڑھ لیا کرا گر پھر جماعت پائے تو ان کے ساتھ مل جایا کر اور یہ مت کہہ کہ میں تو نماز پڑھ چکا ہوں۔ اب نہیں پڑھتا۔

Ḥadrat Abūl 'Āliya رضی اللہ عنہ has reported: "One day 'Ubaidullāh bin Ziād delayed his prayer and I asked Abdullah bin Al-Ṣamit رضی اللہ عنہ the reason why. He patted me on my thigh and said that he had asked the same question from his close friend Abū Dharr رضی اللہ عنہ, who had patted his knee and told him that he too had asked his close friend (i.e. the Almighty Allah's Apostle صلی اللہ علیہ وسلم) the same question. He صلی اللہ علیہ وسلم instructed that one should pray at the right time. Then if you encounter the congregation in prayer, do join them. Do not say that you have already offered your prayer and that you do not need to repeat it."

-(*Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V5, P127*)

عن عبد اللہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم الا انی ابرأ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں ہر ایک

الی کل خلیل من خلته ولو کنت متخذا خلیلا لاتخذت ابابکر خلیلا ان صاحبکم خلیل الله۔ (سنن ابن ماجة ص۱۰)	دوست کی دوستی سے بیزاری کا اظہار کرتا ہوں۔ اگر میں کسی کو دوست بنانا چاہتا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دوست بناتا۔ لیکن تمہارے ساتھی (نبیؐ) اللہ کے دوست ہیں۔

Ḥadrat 'Abdullāh bin Mas'ūd رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "I am no longer taking friends because of my friendship with Allāh the Almighty. Had I taken a friend (at all) it would certainly have been Abū Bakr رضی اللہ عنہ. But, your Companion (i.e. the Holy Prophet ﷺ) is indeed the friend of Allāh (*Khalīl Ullāh*)."

-*(Sunan Ibn Māja P10)*

بسم الله الرحمن الرحيم ● ما شاء الله لا قوة الا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى اله واصحابه [illegible]
[illegible]

سَيِّدُنَا خَلِيْلُ الرَّحْمٰن ﷺ

ہمارے سرکار — رحمٰن کے جانی — درود و سلام بھیجیے آپ پر

Sayyidunā KHALĪL-UR-RAHMĀN ﷺ
(Our Leader the Friend of the Merciful ﷺ)

عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه يحدث عن النبي ﷺ إنه قال لو كنت متخذًا خليلًا لا تخذت ابا بكر خليلا ولكنه اخي وصاحبي وقد اتخذ الله عزوجل صاحبكم خليلا
(الصحيح لمسلم ج ۲ ۔ ص ۲۷۳)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے ارشاد فرمایا کہ اگر میں (اللہ تعالیٰ کے علاوہ) کسی کو اپنا خلیل بناتا تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو خلیل بناتا۔ لیکن وہ میرے بھائی اور میرے صاحب ہیں۔ اور تمہارے صاحب کو تو اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیل بنا لیا ہے۔

Hadrat 'Abdullāh bin Mas'ūd رضي الله عنه has reported the Almighty Allah's Apostle ﷺ as saying: "Had I

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمين آمين آمين يارب العالمين

taken a friend it would have been Abū Bakr رضی اللہ عنہ. But he is my brother and my Companion. And Allāh the Almighty has taken your Companion (i.e. me) as His friend - *Khalīl.*"

-(Ṣaḥīḥ Muslim V2, P273)

وخليل الرحمٰن لحديث مسلم وقد اتخذ الله صاحبكم خليلا يعني نفسهٗ ـ

(شرح الشفا للملا علی القاری المکی حاشیہ نسیم الریاض ج-۲ ص-۴۰۲)

اور آپ ﷺ کا اسم گرامی خلیل الرحمن ہے۔ مسلم شریف کی حدیث میں آیا ہے کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنا خلیل بنا لیا ہے۔

He is *Khalīl-ur Raḥmān* (the Friend of the Merciful)- as it is according to the *Ḥadīth* narrated by Muslim: "Allāh the Almighty has taken your Companion as His friend." Companion here means the Holy Prophet ﷺ himself.

-(Sharḥ Al-Shifā by Mulla 'Ali Qāri Al-Makki, on the Margin of Nasīm Al-Riyāḍ V2, P402)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم • ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

سیدنا خلیل اللہ ﷺ

ہمارے سردار اللہ کے دوست درود و سلام بھیجئے ان پر

Sayyidunā KHALĪL-ULLĀH ﷺ (Our Leader, the Close Friend of Allāh the Almighty ﷺ)

عن عبد الله بن مسعود رضي الله عنه عن النبي ﷺ قال لو كنت متخذا خليلا لاتخذت ابابكر (رضي الله عنه) خليلا ولكن اخي وصاحبي وقد اتخذ الله صاحبكم خليلا۔

(مسند الامام احمد بن حنبل ج ا ص ۴۶۳)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا کہ اگر میں کسی کو دوست بناتا تو ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دوست بناتا لیکن ابوبکر میرے بھائی اور صحابی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ نے تمہارے ساتھی حضور اقدس ﷺ کو دوست جانی بنا لیا ہے۔

Hadrat 'Abdullah bin Mas'ud رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allah's Apostle ﷺ as saying: "Had I

taken a friend it would have been Abū Bakr رضي الله عنه. But he is my brother and my Companion. And Allāh the Almighty has taken your Companion (i.e. me) as His friend - *Khalīl*."

-*(Musnad Imām Aḥmad bin Ḥanbal V1, P463)*

و روى ابوليلى فى حديث المعراج أن الله قال له ﷺ و انى اتخذتك خليلا۔

(شرح المواهب اللدنية للزرقانى ج ۳۔ص۱۲۸)

اور امام ابو لیلیٰ رحمۃ اللہ علیہ نے معراج کے بیان میں حدیث ذکر کی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضورِ اقدس ﷺ کو فرمایا میں نے تجھے اپنا جانی بنالیا ہے۔

Imām Abū Lailā رحمة الله عليه has narrated from a *Ḥadīth* regarding the event of (*Mi'rāj*) the Night Ascension in which Allāh the Almighty told His Apostle ﷺ: "I have taken you as my Close Friend (*Khalīl*)."

-*(Sharḥ al-Mawāhib al-Ladunya by Al-Zarqānī V3, P128)*

سَيِّدُنَا الْخَيْرُ صلى الله عليه وآله وسلم

ہمارے سردار مجسم بھلائی درود و سلام بھیجئے آلِ آپ پر

Sayyidunā AL-KHAIRU ﷺ
(Our Leader, the Embodiment of Goodness ﷺ)

إشارة إلى قوله :

"يَاَيُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَكُمُ الرَّسُوْلُ بِالْحَقِّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَاٰمِنُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ط"

(سورة النساء، ١٧٠)

اِشارہ ہے اِس آیت کی طرف:

"اے لوگو! بتحقیق آیا تمہارے پاس پیغمبر ساتھ حق کے پروردگار تمہارے سے پس ایمان لاؤ بہتر ہوگا واسطے تمہارے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

O Mankind! The Apostle
Hath come to you in truth
From Allah: believe in him:
It is best for you .....
-*(An-Nisā' 4:170)*

"وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا

"اور کافر لوگ مومنوں کی بابت

لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَوْ كَانَ
خَيْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَيْهِ ؕ
(سورۃ الاحقاف ۱۱)

کہتے ہیں کہ اگر یہ (دین) کچھ بہتر ہوتا
تو یہ لوگ اس کی طرف ہم سے
پہلے نہ دوڑ پڑتے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

The unbelievers say
Of those who believe:
"If (this message) were
A good thing, (such men)
Would not have gone
To it first, before us!"
-(Al-Aḥqaf 46:11)

"وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا وَ
اَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّاَنْفُسِكُمْ ؕ"
(سورۃ التغابن ۱۶)

"اور سنو اور فرمانبرداری کرو اور
خرچ کرو بہتر ہوگا واسطے جانوں
تمہاری کے۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Listen and obey;
And spend in charity
For the benefit of
Your own souls ......
-(At-Taghābun 64:16)

لانہ حصل بوجودہ لامتہ
خیر کثیر - (سبل الہدیٰ ج۱ ص۵۶۳)

کیونکہ آپؐ کے وجود سے آپؐ
کی اُمت کو خیر کثیر حاصل ہوئی۔

The Almighty Allah's Apostle ﷺ was the embodiment of goodness, and it was because of him that his *Ummah* received profuse goodness.
-(Subul Al-Hudā V1, P563)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ • مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ ... [illegible]

سَيِّدُنَا خَيْرُ الْأَنَامِ ﷺ

ہمارے سردار — جہان سے بہتر — درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHAIR-UL-ANĀM ﷺ
(Our Leader, the Best of All People ﷺ)

قَالَ كَعْبُ بْنُ مَالِكٍ رضي الله عنه يَرْثِي رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ:

عَلٰى سَيِّدٍ مَاجِدٍ جَحْفَلٍ
وَخَيْرِ الْأَنَامِ وَخَيْرِ اللُّهَا
لَهٗ حَسَبٌ فَوْقَ كُلِّ الْأَنَامِ
مِنْ هَاشِمٍ ذٰلِكَ الْمُرْتَجٰى

(طبقات الکبریٰ لابن سعد ج ۲۔ ص ۳۲۲)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ کا شعر ہے جس میں وہ حضور اقدس ﷺ کا مرثیہ بیان کرتے ہیں:

بلند مرتبہ بزرگ سردار۔ جہان سے بہتر اور جہان سے زیادہ سخاوت کرنیوالے۔ آپ کا حسب نسب تمام جہان سے اونچا ہے۔ آپ ہاشمی خاندان سے ہیں جن پر تکیہ کیا گیا ہے۔

Hadrat Ka'b bin Malik رضی اللہ عنہ composed the following elegy in praise of the Almighty Allāh's Apostle ﷺ:

"To our Master, the exalted, the glorious
The best of all mankind, most benevolent!
He is of noble descent, superior to all

انام بالفتح بمعنی مخلوقات
از جن و انس۔

و آنام بالمد نیز آمدہ
(غیاث اللغات ص۴۷)

انام ہمزہ کی فتح کے ساتھ مخلوقات
کو کہتے ہیں جس میں جن اور انسان
شامل ہیں۔
اور آنام مد کے ساتھ بھی آیا ہے

The Arabic word *Anām* with short vowel *fatḥa* (*a*) on the *Hamza* is used to mean "creatures", including both Jinn and humankind.

Ânām is also spelt with (*madda*) vowel (*a*) meaning, of course, the same (as above).

-(Ghiyath ul-Lughāt P47)

بسم الله الرحمن الرحيم

سَيِّدُنَا خَيْرُ الْأَنْبِيَاءِ ﷺ

ہمارے سردار نبیوں کے بہترین درود وسلام بھیجے اللہ آپ پے

Sayyidunā KHAIR-UL ANBIYĀ' ﷺ (Our Leader, the Best of (All) Prophets ﷺ)

ای أفضلهم قال الجوهری رحمه الله يقال رجلٌ خيرٌ ای فاضل ولا يقال اخير لان فيه معنى التفضيل۔

(سبل الهدیٰ ج ۱ ص ۵۶۴)

یعنی ان (نبیوں) سے افضل علامہ جوہری لغوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ کہ کہا جاتا ہے رجلٌ خیرٌ یعنی فاضل انسان اور رجلٌ اخیر کہنا ناجائز ہے۔ کیونکہ لفظ خیر میں اسم تفضیل پایا جاتا ہے۔

"Indeed he was the best". So has 'Allāma Jawhari رحمه الله, the etymologist, remarked. He adds: "It is said '*Rajul Khair*' which means 'the best'. It cannot be said '*Akhyar*' since *khair* itself has the meaning of a superlative".

-(Subul Al-Hudā V1, P564)

عن عبد الله بن مسعود

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ

ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم
آمين آمين آمين يا رب العالمين

قال رضي الله عنه اوتى
رسول الله صلى الله عليه وسلم
جوامع الخير وخواتمه
او قال فواتح الخير (الحديث)
(ابن ماجة ص ١٣٦)

سے روایت ہے کہ حضور اقدس
صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام بھلائیاں اور اس
کے آخری حصے دیے گئے تھے۔
یا فرمایا کہ خیر کے فتوح دیے گئے
تھے۔

Ḥaḍrat 'Abdullāh bin Mas'ūd رضي الله عنه has said the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as having been blessed with absolute and infinite goodness, or, as he said: "the principles of goodness".

-(Sunan Ibn Māja P136)

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

سیدنا خیر البریۃ ﷺ

ہمارے سردار جہان سے افضل درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHAIR-UL-BARIYYATU ﷺ

(Our Leader
the Best of All Creation ﷺ)

إشارة إلى قوله:

"إِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اُولٰٓئِكَ هُمْ خَيْرُ الْبَرِيَّةِ" (سورة البينة)

اشارہ ہے اس آیت کی طرف:

"بیشک جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک کام کئے، وہ لوگ بہترین خلائق ہیں۔"

Reference to the *Holy Qur'ān*:

Those who have faith
And do righteous deeds,-
They are best
Of creatures.
-(*Al-Bayyina 98:7*)

قال حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ:

حضرت حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین

خَيْرَ الْبَرِيَّةِ إِنِّي كُنْتُ فِي نَهَرٍ
جَارٍ فَأَصْبَحْتُ مِثْلَ الْمُفْرَدِ الصَّادِي
(طبقات الكبرىٰ لابن سعد ج ۲ ص ۳۲۲)

اے جہان سے افضل! آپ کے ہوتے
ہوئے میں ایک بہتے دریا میں تھا اور
(اب) ایک تنہا پیاسے کی طرح رہ گیا ہوں۔

Ḥaḍrat Hassān bin Thābit رضی اللہ عنہ said: "O best of all the World! I was in the running river and now I became like an isolated and severely dry."
-(Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V2, P322)

عن عائشة رضی اللہ عنہا
تزوجنی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
فقلن علی الخیر
والبرکة - (الحدیث)
(صحیح البخاری ج ۲ ص ۷۷۵)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے
روایت ہے کہ جب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم
سے میرا نکاح ہوا اور انصار کی عورتوں
نے مجھے وداع کیا تو انہوں نے کہا تو خیر
اور برکت پر جا رہی ہے۔

Narrated Ḥaḍrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا: "When the Holy Prophet صلی اللہ علیہ وسلم married me, the women of the *Ansar* saw me off saying: 'Upon you be blessings and goodness."
-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P775)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ● مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ

وَعَدَدَ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

سَيِّدُنَا خَيْرُ الْبَشَرِ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

ہمارے سردار بہترین انسان درود وسلام بھیجے اللہ آپ پے

Sayyidunā KHAIR-UL-BASHAR صلی اللہ علیہ وسلم
(Our Leader, the Best of Men صلی اللہ علیہ وسلم)

ان الشَّيماء بنت حليمة
كانت ترقص رسول الله
صلی اللہ علیہ وسلم وتقول :

محمّد خير البشر
ممن مضى ومن غبَرْ
من حجّ منهم او اعتمر
أحسن من وجه القمر
من كل أنثى و ذكر
من كل مشبوب أغَرّ
جنبني الله الغير
فيه واوضح لى الأثر

(سبل الہدیٰ ج ۱ ص ۔۔)

حضرت شیما، بنت حلیمہ آپ کی دُودھ کی بہن آپ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو لوری دیتی تھی۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم بہترین اِنسان ہیں۔ ان سب سے جو پہلے گزرے اور جو بعد میں آئیں گے اگرچہ وہ حج کرنے آئیں یا عمرہ۔ چاند کے چہرے سے بھی حسین۔ ہر مرد اور ہر عورت سے بلکہ ہر حسین سے بڑھ کر حسین۔ اللہ آپ کے بارے میں مجھے زمانے کی گردشوں سے بچائے (یعنی میں آپ کو کبھی گزند پہنچتے نہ دیکھوں او

مجھے آپ کی شان دیکھنا نصیب ہوا

Hadrat Shaima' bint Halīma رضی اللہ عنہا (who was foster-sister of the Prophet ﷺ) used to sing the following lullaby to him:

"Muhammad ﷺ is the best of all mankind,
Of those who have passed away and those to come,
Of all those who performed the *Hajj or 'Umra.*
More beautiful is he than the face of the Moon,
Indeed, of all the male and female,
Whether they be glittering or magnanimous.
May Allāh the Almighty protect me from third party!
And bless me with honour of observing his grandeur!"

-(Subul Al-Hudā V1, P464)

بسم اللہ الرحمن الرحیم • ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
زنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا خیرۃ اللہ ﷺ

ہمارے سردار — اللہ کے پسند فرمائے ہوئے — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHAIRAT-ULLĀH ﷺ
(Our Leader, the Favourite of Allāh the Almighty ﷺ)

يقال محمد ﷺ خيرة الله من خلقه.

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج۳ ص۱۲۹)

کہا جاتا ہے۔ اللہ کی مخلوق میں سے حضرت محمد ﷺ پسند فرمائے ہوئے ہیں

It is said that the Holy Prophet Muḥammad ﷺ is the favourite of Allāh the Almighty among (the whole of) His creation.

-(Sharḥ Al-Mawāhib Al-Laduniya by Al-Zarqānī V3, P129)

عن العباس رضی اللہ عنہ انه جاء الى النبى ﷺ فكانه سمع شيئا فقام النبى ﷺ على المنبر فقال من انا فقالوا

حضرت عباس رضی اللہ عنہ حضور اقدس ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے۔ لگتا تھا کہ انہوں نے لوگوں سے کچھ ناروا باتیں سنی تھیں تو آپ نے منبر پر تشریف

انت رسول الله قال
انا محمد بن عبد الله
ابن عبد المطلب ان
الله خلق الخلق فجعلنى
فى خيرهم ثم جعلهم
فرقتين فجعلنى فى
خيرهم فرقة ثم جعلهم
قبائل فجعلنى فى خيرهم
قبيلة ثم جعلهم بيوتا
فجعلنى فى خيرهم بيتاً
وخيرهم نفسا۔

(جامع الترمذی ج۲ ص۲۰۱)

فرما ہو کر فرمایا لوگو! مَیں کون ہوں؟
صحابہؓ نے کہا کہ آپؐ اللہ کے
رسولؐ ہیں۔ آپؐ نے فرمایا میں
محمدؐ بیٹا عبد اللہ بن عبد المطلب
کا ہوں۔ اللہ نے مخلوق کو پیدا
فرمایا تو مجھے بہترین مخلوق (انسان)
میں پیدا کیا۔ پھر اللہ نے دو گروہ بنائے
تو مجھے بہترین گروہ میں پیدا فرمایا۔
پھر اللہ تعالیٰ نے قبیلے بنائے تو
مجھے بہترین قبیلے میں پیدا فرمایا۔
پھر اللہ تعالیٰ نے گھرانے بنائے تو
مجھے بہترین گھرانے میں پیدا فرمایا
تو مَیں لوگوں سے نفسوں میں بہتر ہوں۔

Ḥaḍrat 'Abbās رضی اللہ عنہ has reported that he came to the Almighty Allāh's Apostle ﷺ. It appeared as though he had heard some remarks from some people. The Almighty Allāh's Apostle ﷺ stood up on the pulpit (*minbar*) and said: "Who am I?" His companions replied: "You are the Almighty Allāh's Apostle ﷺ."

The Almighty Allah's Apostle ﷺ continued: "I am Muhammad (ﷺ), son of 'Abdullāh, and grandson of 'Abdul Muṭṭalib. Allāh the Almighty (has) created me among the best of his creation (mankind). Then Allāh the Almighty divided them into two groups, and raised me among the best of the two. Then Allāh the Almighty created tribes and raised me from among the best tribe. Then Allāh the Almighty created

families, and raised me among the best family. And among them I am the best of individuals."

-(Jāmi' Al-Tirmdhi V2, P201)

عن عائشة رضي الله عنها
قالت كنت اسمع انّه
لايموت نبيّ حتّى
يخيّر بين الدّنيا
والآخرة سمعت النّبي
صلى الله عليه وسلم يقول في
مرضه الذى مات
فيه واخذته بحّةٌ
يقول مع الذين
انعم الله عليهم
الأية فظننت إنّه
خُيِّرَ۔

(صحیح البخاری ج ۲ ص ۶۳۸)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا
سے روایت ہے کہ میں سُنا کرتی
تھی کہ کوئی نبیؑ اس وقت تک
نہیں فوت ہوتا جب تک اسے
دنیا اور آخرت میں سے انتخاب (مزید
قیام یا دُنیا سے کُوچ) کا اختیار نہ دیا
گیا ہو۔ جب میں نے آپؐ سے
اُس بیماری میں، جس میں آپؐ نے
وفات پائی یہ سُنا ۔ اور تب آپؐ
کو کھانسی آئی ۔ مَعَ الَّذِينَ ... الخ
(یعنی اُن لوگوں کیساتھ جن پر اللّٰہ نے
انعام فرمایا۔ النساء آیت ۶۹ آخر تک) تو
میں نے جان لیا کہ آپؐ کو اختیار دیا
گیا ہے (یعنی آپؐ پر وہی لمحہ آن پہنچا ہے)

Narrated Ḥaḍrat 'Ā'isha رضی اللہ عنہا: "I used to hear from the Holy Prophet ﷺ that no Prophet dies until he is given the choice of living both the worldly life and the life of the Hereafter. I heard the Holy Prophet ﷺ, during the time of his fatal disease, coughing and saying: 'In the company of those on whom is the grace of Allāh the Almighty .....' (to the end of the Verse - *Al-Nisa' 4:69*). Thereupon I thought that the Holy Prophet ﷺ had been given the choice."

-(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V2, P638)

بسم الله الرحمن الرحيم ● ما شاء الله لا قوة إلا بالله
اللهم صل وسلم وبارك على سيدنا ومولانا وحبيبنا محمد النبي الامي وعلى آله

سیدنا خیر الخلق صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

ہمارے سردار — تمام مخلوق سے بہتر — درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHAIR-UL-KHALQ ﷺ
(Our Leader, the Best of All Creation ﷺ)

ذكره ابن دحية رحمه الله

(شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ۳ ص ۱۲۹)

اسے ابن دحیہ نے ذکر کیا ہے۔

Ibn Dihya رحمه الله **has quoted this name.**
-(Sharḥ Al-Mawāhib al-Laduniya by Al-Zarqani V3 P129

عن ابن عباس رضي الله عنهما قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ان الله قسم الخلق قسمين فجعلني من خيرهم قسما.

(شرح الشفاء لملا علي القاري ج ۱ ص ۱۹۸/۱۹۹)

حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے۔ کہ فرمایا حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا تو اس کو دو حصوں میں تقسیم کیا پھر مجھے ان میں سے بہتر میں تقسیم فرمایا۔

Ḥadrat 'Abdullāh bin 'Abbās رضي الله عنه has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "When Allāh the Almighty created mankind, He divided them into two groups and created me among the better of the two."

-(Sharḥ Al-Shifā by Mullah 'Ali Al-Qāri Al-Makki V2, P198-99)

عن ابن عُمر رضي الله عنهما
قال قال رسول الله
ﷺ خلق الله
الخلق فاختار من
الخلق بني آدم عليه السلام
واختار من بني آدم
العرب ، واختار من
العرب مضر ، واختار
من مضر قريشاً ،
واختار من قريش بني
هاشم ، واختارني من
بني هاشم ، فأنا خيار
من خيار إلى خيار ،
فمن احبّ العرب فبحبّي
أحبّهم و من ابغض
العرب فببغضي ابغضهم"
رواه الطبرانی والبیہقی وابونعیم
(سبل الهدٰی ج ۱ ص ۲۶۹)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما
سے روایت ہے کہ حضور اقدس
ﷺ نے فرمایا اللہ تعالیٰ نے
مخلوق کو پیدا کیا۔ تو ان میں سے آدم
علیہ السلام کی اولاد کو پسند فرمایا
پھر آدم علیہ السلام کی اولاد میں سے
عربیوں کو پسند فرمایا۔ پھر عربیوں
میں مُضر (قبیلے) کو پسند فرمایا۔ اور
مضر میں سے قریش کو پسند فرمایا
اور قریش میں سے بنی ہاشم کو پسند
فرمایا۔ اور بنی ہاشم میں سے مجھ
کو پسند فرمایا۔ پس میں بہترین ہوں
بہترین سے بہترین (اُمت) کیطرف۔
جس نے عربوں سے محبت کی اُس نے
میری ہی محبت کے سبب اُن سے محبت
کی اور جس نے اُن سے بُغض رکھا سو مجھ
سے بُغض کے باعث اُن سے
بُغض رکھا۔

Ḥadrat 'Abdullāh bin 'Umar رضی اللہ عنہ has reported the Almighty Allāh's Apostle ﷺ as saying: "When Allāh the Almighty created the Universe, He favoured the progeny of Adam over all creation; and of all mankind He preferred the Arabs; and of all the Arabs He favoured the *Muḍar Tribe*; and of the *Muḍar Tribe* He favoured the *Quraish*; and of all the *Quraish* He chose *Banu Hashim*; and of *Banu Hāshim* He chose me. So I am the select of the select and so on. So, whosoever loves the Arabs should do so because of me, and whoever hates them should hate them for my sake."

-(Subul Al-Hudā V1, P269)

عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ ان اللہ حین خلق الخلق بعث جبریل فقسم النّاس قسمین، فقسم العرب قسما وقسم العجم قسما، وکانت خیرۃ اللہ فی العرب، ثم قسم العرب قسمین، فقسم الیمن قسما، وقسم مضر قسما وقریشا قسما، وکانت خیرۃ اللہ فی قریش. ثم اخرجنی من خیر من انا منہ۔

(رواہ الطبرانی وحسّن الحافظ ابوالفضل العراقی اسنادہ، سبل الھدیٰ ج ۱ ص ۲۶۹/۲۷۰)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ کہ حضور اقدس ﷺ نے فرمایا جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا فرمایا تو حضرت جبریل علیہ السلام کو بھیجا انہوں نے لوگوں کو دو حصّوں میں تقسیم فرمایا۔ ایک حصّہ عرب ایک حصّہ عجم۔ اللہ کی پسند عربیوں میں تھی۔ پھر عربیوں کو دو حصّوں میں تقسیم کیا۔ ایک قسم یمن اور ایک قسم مُضَر اور قریش۔ اور اللہ تعالیٰ کی پسند قریش میں ہوئی پھر مجھے بہترین سے نکالا جس سے میں ہوں (یعنی قریش سے۔

Ḥadrat Abū Huraira رضی اللہ عنہ has narrated the Almighty

Allāh's Apostle ﷺ as saying: "When Allah the Almighty created the Universe, He sent Ḥaḍrat Jibra'īl (Gabriel) عليه السلام, who divided mankind into two groups, the Arab and *'Ajam* (Non-Arab). The Almighty Allāh's favourite were the Arabs. Then Allah the Almighty divided the Arabs into two groups; *Muḍar* and the *Quraish* as one group and the *Yamanites* as the other group. And Allāh the Almighty favoured the *Quraish*. Then Allah the Almighty raised me from among the best of mankind, that is the *Quraish*."

-(Al-Ṭabarāni and Subul Al-Huda V1, P269-70)

عن الشعبي رحمة الله عليه قال في مجلة ابراهيم عليه السلام انه كائن من ولدك شعوب وشعوب حتى ياتي النبي الامي الذي يكون خاتم الأنبياء.

طبقات الكبرى لابن سعد ج ۱ ص ۱۶۳

حضرت شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کے صحیفہ میں لکھا ہوا تھا کہ تیری نسل سے خاندان پر خاندان آتے جائینگے یہاں تک کہ نبی اُمّی ﷺ مبعوث ہوں گے جو سلسلۂ نبوت کو ختم کریں گے۔

Ḥaḍrat Sha'bi رحمة الله عليه has reported that it is stated in the Abrahamic scripture in which he (ﷺ) is foretold: "There will spring from your progeny nation after nation until the Unlettered Prophet ﷺ is born. He will be the Seal of Prophets (peace be upon them)."

-(Ṭabaqāt Al-Kubrā by Ibn Sa'd V1, P163)

عن واثلة بن الاسقع رضي الله عنه يقول سمعت رسول الله ﷺ يقول إن الله عزوجل اصطفى كِنانة من

حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں نے حضور اقدس ﷺ سے سُنا آپ فرمارہے تھے کہ اللہ تعالیٰ

ولد اسمٰعیل علیہ السلام واصطفٰی قریشا من کنانۃ واصطفٰی من قریش بنی ھاشم واصطفانی من بنی ھاشم۔

(الصحیح لمسلم ج ۲ ص ۲۴۵)

عزّوجل نے حضرت اسماعیل علیہ السلام کی اولاد میں سے کِنانہ کو چُنا اور قریش کو کِنانہ میں سے چُنا اور قریش میں سے بنی ہاشم کو انتخاب فرمایا اور پھر بنی ہاشم میں سے میرا انتخاب فرمایا ہے۔

Ḥaḍrat Wāthila bin al-Asqa' رضی اللہ عنہ has reported having heard the Almighty Allāh's Messenger ﷺ saying: "Verily, Allāh the Almighty granted eminence to *Kinana,* from among the descendents of *Ismā'īl* علیہ السلام, to *Quraish* from among the *Kinana*, and from among the *Quraish* He granted eminence to *Banu Hashim,* and chose me from the *Banu Hāshim.*"

-(Ṣaḥīḥ Muslim V2, P245)

سیدنا خیر خلق اللہ ﷺ

ہمارے سردار مخلوق میں سے افضل درود و سلام بھیجو ان پر

Sayyidunā
KHAIR-U-KHALQ ILLĀH ﷺ
(Our Leader, the Best of the Almighty Allāh's Creation ﷺ)

ذكره ابن دِحية عليه الرحمة
و ذلك من الاحاديث والآثار
المتهورة -

شرح المواهب اللدنية للزرقاني ج ٣ ص ١٢٩

اس اسم گرامی کو امام ابن دحیہ رحمہ اللہ
نے ذکر کیا ہے۔ اور یہ مضمون
حدیثوں اور مشہور آثار میں پایا جاتا ہے۔

This name has been mentioned by Imam Ibn Dihya رحمه الله and appears in many famous traditions and records.

-(*Sharḥ Al-Mawāhib Al-Ladunya by Al-Zarqāni V3, P129*)

عن ابی هريرة
رضي الله عنه ان رسول
الله ﷺ قال

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ حضور اقدس
ﷺ نے فرمایا۔ مجھے

بعثت من خير قرون
بني آدم قرنا فقرنا
حتى كنت من القرن
الذى كنت منه .

(صحیح البخاری ج ۱ ص ۵۰۳)

حضرت آدم علیہ السلام کی اولاد
کے بہترین زمانہ میں مبعوث فرمایا
گیا ہے۔ اُس زمانہ کے بعد زمانہ
آیا حتیٰ کہ مَیں اِس زمانہ میں پیدا ہُوا

Ḥaḍrat Abū Huraira رضی اللہ عنہ reported the Almighty Allāh's Messenger ﷺ as saying: "I have been sent as a Messenger from among the best of all the generations of Ḥaḍrat Adam's (علیہ السلام) offspring since their creation."

-*(Ṣaḥīḥ Al-Bukhārī V1, P503)*

بسم الله الرحمن الرحيم • ما شاء الله لا قوة الا بالله

سیدنا خیر الخندف ﷺ

ہمارے سردار دادی کے بہترین پوتے درود و سلام بھیجے اللہ آپ پر

Sayyidunā KHAIR-UL-KHINDIF ﷺ
(Our Leader the Best Grandson (of the Grandmother) ﷺ)

قال ابوبكر الصديق رضي الله عنه يرثي رسول الله صلى الله عليه وسلم :

يَا عَيْنِ فَابْكِي وَلَا تَسْأَمِي
وَحَقَّ الْبُكَاءُ عَلَى السَّيِّدِ
عَلَى خَيْرِ خِنْدِفَ عِنْدَ الْبَلَاءِ
أَمْسَى يُغَيَّبُ فِي الْمُلْحَدِ
فَصَلَّى الْمَلِيكُ وَلِيُّ الْعِبَادِ
وَرَبُّ الْبِلَادِ عَلَى أَحْمَدِ
فَكَيْفَ الْحَيَاةُ لِفَقْدِ الْحَبِيبِ
وَزَيْنِ الْمَعَاشِرِ فِي الْمَشْهَدِ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضورِ اقدس ﷺ کا مرثیہ یوں پڑھا۔

اے چشم! رو اور رُک کا مت۔ اور سردار پر رونا حق ہے۔ خیر خندف پر جو مصیبت کے وقت اب شام کو لحد میں چھپائے جا رہے ہیں۔ آپ (احمد) پر اللہ تعالیٰ کے درود ہوں۔ جو (اللہ) بندوں کا ولی اور ملکوں کا رب ہے۔ اب زندگی کا کیا مزا ہو جب یار ہی نہ ہو اور

